وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا

# ہدایات و مفید معلومات

برائے

# عازمین حج

1414 ہجری

1994 عیسوی

## وزارت مذہبی امور

## حکومت پاکستان اسلام آباد

Marfat.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 1۔ | تمہید | ج |
| 2۔ | باب 1 | 1 |
| | چند بنیادی باتیں | 1 |
| | گروپ سکیم | 1 |
| | گروپ لیڈر کی ذمہ داریاں | 3 |
| | حاجی کیمپ میں ذمہ داری | 4 |
| | سفر کے دوران میں ذمہ داری | 5 |
| | جدہ پہنچنے پر ذمہ داری | 6 |
| | موزوں لباس | 9 |
| | سعودی عرب میں رفاہی انتظامات | 10 |
| 3۔ | باب 2 | 12 |
| | سفرِ حج کی تیاری | 12 |
| | حاجی کیمپ کے لئے روانگی | 14 |




Marfat.com

4- باب 3 17
حاجی کیمپ میں قیام 17
جدہ کے لئے روانگی (بذریعہ بحری جہاز) 21
جدہ میں آمد (بذریعہ بحری جہاز) 23
جدہ کے لئے روانگی (بذریعہ ہوائی جہاز) 24
جدہ میں آمد (بذریعہ ہوائی جہاز) 26
مکہ مکرمہ کے لئے روانگی 27
عمرہ کی ادائیگی اور قیام 28
مدینہ منورہ کیلئے روانگی 33
مدینہ منورہ میں قیام اور واپسی 34
وطن واپسی 35
کسٹم کے قوانین 37
ٹیلیفون 38
ضروری یاد داشتیں 45
پاکستان کے مشہور شہروں کے ٹیلیفون کوڈ نمبر 48
عربی بول چال 52



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تمہید

حج پر روانگی سے پہلے ضروری ہے کہ ہر عازم حج، مناسک حج اور اس سے متعلقہ امور کے بارے میں پوری طرح آگاہی حاصل کرلے تاکہ حج جیسی اہم عبادت صحیح طور پر ادا ہو سکے۔

وزارت مذہبی امور کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ روانگی سے قبل عازمین حج کو مناسک حج اور انتظامات حج کے جملہ امور سے آگاہ کر دیا جائے۔ زیر نظر کتابچہ "ہدایات و مفید معلومات برائے عازمین حج" میں سفر حج کے انتظامات سے متعلق حکومت پاکستان اور حکومت سعودی عرب کے جاری کردہ ضابطے اور ہدایات اور دیگر معلومات درج ہیں۔

عازمین حج سے درخواست ہے کہ وہ ان ہدایات کو بغور پڑھیں اور جو پڑھ نہیں سکتے ان کو بھی پڑھ کر سنائیں تاکہ وہ بھی ذہن نشین کرلیں۔

اس کتابچہ کو ایک یادداشت کی شکل دی گئی ہے اس کو اپنے ساتھ رکھیں تاکہ حج کے ہر مرحلے پر ضروری معلومات حاصل کرنے کیلئے اس سے استفادہ کر سکیں۔ اس میں کچھ خالی صفحات بھی رکھے گئے ہیں جن میں اپنے جملہ کوائف لکھ لیں یا کسی سے لکھوالیں۔

امید ہے کہ انتظامات حج کو بہتر بنانے کے سلسلے میں عازمین حج



Marfat.com

اس کتاب میں درج ہدایات پر عمل کر کے وزارت مذہبی امور اور اس سے متعلقہ اداروں سے پورا پورا تعاون کریں گے۔

17 رجب 1414ھ
یکم جنوری 1994ء

محمد لطف اللہ مفتی
سیکرٹری
وزارت مذہبی امور
حکومت پاکستان اسلام آباد



Marfat.com

باب نمبر 1

# چند بنیادی باتیں

## گروپ سکیم

حجاج کی تعداد آئے دن بڑھتی چلی جا رہی ہے اس لئے رہائش، ٹرانسپورٹ، ضروریات زندگی کی فراہمی میں کمی آ جانا ناگزیر ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر باقاعدہ تنظیم اور گروپ بندی کی اشد ضرورت ہے۔ کیونکہ اکثر حاجی خصوصاً پاکستان سے جانے والے وہاں کی زبان سے بھی واقف نہیں ہوتے۔ نئی جگہ اور نیا ماحول ہوتا ہے۔ اکثر لوگ تو ناخواندہ اور عمر کے آخری حصے میں ہوتے ہیں اور ضعف اور کمزوری ان پر غالب ہوتی ہے۔ مناسک حج کا بھی انہیں بخوبی علم نہیں ہوتا اور عموماً انہیں قدم قدم پر مسائل اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے جن سے انفرادی طور پر نمٹنا مشکل ہوتا ہے۔ اس لئے دوران حج ان کی دیکھ بھال اور رہنمائی کی بھی بہت ضرورت ہے۔ اس جم غفیر میں ارکان حج کی ادائیگی اکیلے آدمی کے بس کی بات نہیں۔ ان مشکلات کے پیش نظر حسب سابق گروپ سکیم کو از سر نو نافذ کیا گیا ہے اور ریگولر سکیم کے تحت تمام درخواست دہندگان (ماسوائے بحری درجہ اول، درجہ دوم اور حج بدل) جنہوں نے اپنی درخواستیں چھوٹے چھوٹے گروپوں کی

Marfat.com

شکل میں دی تھیں انہیں بذریعہ کمپیوٹر 40' 40 افراد کے گروپوں میں ضم کر دیا گیا ہے۔

ہر گروپ میں ایک گروپ لیڈر اور دو نائب گروپ لیڈر ہوں گے۔ اگر آپ کو اپنے گروپ لیڈر کا علم نہ ہو تو اپنے بینک یا ضلعی حج کمیٹی سے رجوع کریں۔

گروپ لیڈر پاکستان میں وزارت مذہبی امور' حکومت پاکستان اور سعودی عرب میں قیام کے دوران ڈائریکٹر جنرل حج (جدہ) کی ہدایات کا پابند ہو گا۔

ہر گروپ کا ایک باقاعدہ نمبر ہو گا۔ اپنے گروپ کا نمبر کہیں لکھ لیں اور یاد رکھنے کی بھی کوشش کریں۔ اپنے سامان پر اپنا گروپ نمبر تحریر کریں۔ تمام عبادات وزیارات کیلئے جاتے وقت گروپ کی شکل میں جائیں اور اپنے گروپ لیڈر کی ہدایات پر عمل کریں۔ آپ کو حاجی کیمپ میں اپنے گروپ کے ساتھ رہائش ملے گی اور یہاں کے تمام ضابطے کی کارروائیاں گروپ لیڈر کی مدد سے پوری کرنا ہوں گی۔ آپ اپنے گروپ کے ساتھ ایک ہی جہاز اور ایک ہی بس میں سفر کریں گے اور ایک ہی جگہ رہائش اختیار کریں گے۔ اس لئے تمام گروپ کے ممبروں کے درمیان بھائی چارہ' باہمی رواداری' ایثار اور محبت کی فضا قائم ہونا ضروری ہے۔

Marfat.com

## گروپ لیڈر کی ذمہ داریاں

گروپ کی قیادت لیڈر کے ہاتھ میں ہوگی اور نائب لیڈر اس کی مدد اور اعانت کریں گے۔ اس کے علاوہ اگر گروپ لیڈر چاہے تو اپنے گروپ میں سے چند افراد پر مشتمل ایک انتظامیہ کمیٹی قائم کر سکتا ہے اور اس کمیٹی کے ارکان کو مختلف ذمہ داریاں سونپ سکتا ہے۔ تاہم گروپ لیڈر جذبہ خدمت کے تحت اپنے فرائض انجام دیں گے۔

گروپ لیڈر ہر لحاظ سے گروپ کے نظم وضبط اور فلاح و بہبود کا ذمہ دار ہو گا۔ تاہم اس کی چند خاص ذمہ داریاں مندرجہ ذیل ہوں گی۔

1۔ ماہ رمضان سے قبل یا فوراً بعد گروپ لیڈروں کے تین روزہ تربیتی کورس میں شرکت کرے گا۔ تربیت کے مقام کے بارے میں اطلاع متعلقہ صوبائی محکمہ اوقاف دے گا۔

2۔ تربیت حاصل کرنے کے بعد اپنے گروپ کے تمام ممبران سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کرے گا اور ضلعی سطح پر تشکیل دیے گئے تربیتی پروگراموں میں عازمین حج کو شرکت کی ترغیب دے گا۔

3۔ اپنے گروپ کے ممبران کے مشورے سے حاجی کیمپ تک سفر کرنے کے انتظامات کرے گا۔

Marfat.com

## حاجی کیمپ میں ذمہ داری

حاجی کیمپ میں گروپ لیڈر کی ذمہ داری ہو گی کہ

(1) اپنے گروپ کے ممبران کیلئے رہائش حاصل کرے۔

(2) سب کی طرف سے پاسپورٹ، ٹکٹ اور دیگر چیزیں پی آئی اے/ سعودی ایئر لائنز یا شپنگ کمپنی کے دفتر سے حاصل کرے۔

(3) زرمبادلہ کے فارم بینک سے حاصل کر کے ہر ممبر سے پر کرائے اور بینک میں داخل کر کے زرمبادلہ وصول کرنے کا وقت معلوم کرے اور اس مقررہ وقت پر اپنے گروپ کے تمام ممبران کو بینک پہنچائے۔

(4) گروپ کے تمام ممبروں کو حاجی کیمپ میں قیام کرنے پر آمادہ کرے اور پانچوں وقت کی نمازوں اور ان کے بعد وعظ و نصیحت میں سب کی شمولیت کو یقینی بنائے۔ اس کے علاوہ وزارت کے حج ڈائریکٹوریٹ کی طرف سے مقرر کردہ نظام اوقات کے مطابق حج فلم اور دیگر تربیتی پروگراموں میں سب ممبران کو ساتھ رکھے۔

(5) روانگی سے قبل اپنے گروپ کے سارے ممبران کے سامان پر شناختی سٹکر لگوائے۔ سٹکروں پر ان کا نام، جہاز نمبر

Marfat.com

جیسے پی کے یا ایس۔ وی، گروپ نمبر، مکتب نمبر اور پاسپورٹ نمبر وغیرہ درج کرائے اور انہیں روانگی سے کم از کم چھ گھنٹے پہلے بریفنگ ہال میں لائے۔

## سفر کے دوران میں ذمے داری

تمام سفر کے دوران حکومت کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر اپنے گروپ کے ممبران سے عمل کرائے۔ خورد و نوش کی اشیاء، نشہ آور اشیاء اور ادویات قابل اعتراض لٹریچر اور ہر قسم کی ممنوعہ اشیاء ساتھ نہ لے جانے کی تلقین کرے (مثلاً منشیات، غیر اخلاقی یا متنازعہ لٹریچر، سیاسی لٹریچر، عریاں و فحش رسالے، ڈائجسٹ تیل یا گیس کے چولہے، نسوار اور کانچ کی چوڑیاں وغیرہ) سامان جمع کرانے کی رسید اور سیٹ کا بورڈنگ کارڈ حاصل کر کے بذریعہ بس ایئرپورٹ پہنچیں۔ پاسپورٹ، بورڈنگ کارڈ اور ہیلتھ کارڈ دکھا کر اندر داخل ہوں۔ تمام سامان ایکسرے مشین پر رکھیں۔ جسمانی تلاشی کرائیں اور اپنا سامان پورا کریں۔ احرام باندھ لیں۔ ہدایات کے مطابق بس پر سوار ہو کر جہاز پر سوار ہوں۔ جہاز میں عملے کی ہدایات کے مطابق بیلٹ باندھیں اور کھولیں۔ ایئرپورٹ پر بیت الخلاء سے فارغ ہو کر جہاز پر سوار ہوں کیونکہ جہاز کے بیت الخلاء میں پانی کی کمی ہوتی ہے۔ مٹی کے ڈھیلے، پتھر کے ٹکڑے وغیرہ جہاز کے ٹائلٹ میں استعمال نہ کریں۔ ٹائلٹ پیپر یا صرف پانی استعمال کریں، پانی فرش پر نہ گرائیں۔ احرام

Marfat.com

باندھ کر جہاز میں سوار ہوں کیونکہ جہاز کے اندر احرام باندھنا مستحسن نہیں۔

## جدہ پہنچنے پر ذمے داری

جدہ پہنچنے کے بعد گروپ لیڈر کی خاص خاص ذمہ داریاں یہ ہوں گی -

(1) گروپ کے تمام ممبران کو اکٹھا رکھے اور ان میں نظم و ضبط قائم رکھے اور ہر مرحلے پر ان کی مدد کرے اور انہیں درج ذیل ہدایات دے کہ وہ -

(الف) جہاز سے اترتے وقت دستی سامان پورا کریں۔

(ب) حج ٹرمینل کے پہلے ہال میں صبر و تحمل سے انتظار کریں۔

(ج) دوسرے ہال میں امیگریشن چیک کیلئے عورتیں اور مرد اپنے پاسپورٹ اپنے اپنے ہاتھوں میں رکھیں۔ قطار بنائیں مکتب الوکلاء کے کاؤنٹر پر اپنی باری کا انتظار کریں۔ جسمانی تلاشی کے کمرے سے گزر کر تیسرے ہال میں جہاز میں بک شدہ سامان وصول کر کے کسٹم چیک کیلئے تالے کھول دیں۔ چیک شدہ سامان پر لگی ہوئی چٹ کو نہ اترنے دیں۔ سامان بلا معاوضہ بڑی ٹرالی میں رکھ کر کسٹم ہال سے باہر نکل

Marfat.com

کر بسوں کے اڈوں پر خدام الحجاج کو پہنچنے کی اطلاع کریں۔ نیز گروپ لیڈر کی یہ ذمہ داری بھی ہے کہ وہ ان کے پاسپورٹ خدام الحجاج کے ذریعے بس ڈرائیور کو دے۔ تمام گروپ کیلئے ایک ہی بس حاصل کرے۔ جلی حروف میں گروپ نمبر' بس کے شیشے پر آویزاں کرے۔ ایک دفعہ سوار ہونے کے بعد عازمین حج کو بس سے اترنے نہ دے۔ سامان اسی بس پر رکھے جس میں سوار ہو۔

(2) مکتب اور معلمین سے رابطہ قائم رکھے اور گروپ ممبران کی ضروریات کو پورا کرنے میں ان کی مدد کرے۔ خط سریع پر جب بس رکے تو تمام عازمین حج بس میں بیٹھے رہیں۔ ضروری کام سے اگر کوئی اترنا چاہے تو گروپ لیڈر کو بتا کر بس کا نمبر اچھی طرح یاد کر کے اترے۔ ایک طرح کی بسیں ہونے کی وجہ سے اپنی بس تک پہنچنا مشکل ہوتا ہے۔ جدہ ایئرپورٹ سے چلتے وقت پینے کی پانی کی بوتل اور فروٹ وغیرہ ساتھ رکھ لیں۔

جدہ سے تقریباً تین گھنٹے مکہ مکرمہ پہنچنے میں لگ جاتے ہیں۔ مکہ معظمہ میں رہائش پہلے سے حاصل کر لی جاتی

Marfat.com

ہے۔ گروپ لیڈر کو چاہئے کہ نہایت سمجھداری سے اور ممبران کو چاہئے کہ نہایت فراخدلی سے افہام و تفہیم کے ذریعے کمروں میں جگہ حاصل کریں۔ خدام الحجاج اور گروپ لیڈر کے مشورے پر عمل کریں اور خصوصاً عمر رسیدہ اور خواتین عازمین حج کی ضروریات کو اولیت دی جائے۔ اپنی پسند یا ناپسند کی بجائے دوسروں کی خواہش کا احترام کر کے زیادہ ثواب حاصل کریں۔

رہائش پذیر ہونے کے فوراً بعد اپنی تصویر گروپ لیڈر کے حوالے کریں اور جتنا جلدی ممکن ہو موسسہ کا کارڈ حاصل کر لیں۔ چونکہ وہی کارڈ عازمین حج کے پاسپورٹ کا بدل ہوتا ہے۔ گروپ لیڈر کے زیر قیادت عمرہ کرنے کے لئے حرم شریف جائیں۔ دروازے کا نام یا نمبر یاد رکھیں۔ اسی سے باہر آئیں۔ گروپ سے بچھڑ جانے کی صورت میں ملنے کیلئے کوئی نشان یا جگہ پہلے ہی مقرر کر لیں۔ عمرہ کے بعد بال کٹوانے کیلئے گروپ میں جائیں تو دام کم خرچ ہوں گے۔ کھانا مل کر منگوائیں تو بچت ہو گی۔ نلکوں کا پانی ہرگز نہ پئیں۔ آب زم زم جہاں نہ ملے وہاں بوتل خرید کر پئیں۔ ٹھنڈے مشروبات پھل وغیرہ زیادہ استعمال کریں۔ نمکول استعمال کریں۔ بلاضرورت اور بغیر چھتری کے دھوپ میں نہ

Marfat.com

پھریں۔ بیماری کی صورت میں پاکستانی یا دوسری ڈسپنسری سے علاج کرائیں۔

(3) پاکستان ہاؤس/ہسپتال' ڈسپنسریوں اور انفارمیشن سنٹرز کو پہلے سے دیکھ لے تاکہ ضرورت کے وقت ان سے فوری رابطہ قائم کیا جاسکے۔

(4) حج کے موقع پر ملک دشمن عناصر پاکستان کے بارے میں طرح طرح کی افواہیں پھیلاتے ہیں ان سے اپنے گروپ کے ممبران کو محفوظ رکھے۔ تاکہ وہ یکسوئی سے عبادت کر سکیں اور ہر ایسے موقع پر پاکستان ہاؤس یا سفارت خانے سے حقیقت معلوم کر کے لوگوں کی تسلی کرائے۔

## موزوں لباس

ہر ملک کا باشندہ اپنے مخصوص لباس سے پہچانا جاتا ہے۔ حرمین شریفین میں قیام کے دوران میں پاکستانی عازمین حج کو چاہئے کہ احرام کھولنے کے بعد صاف ستھرے اور موزوں لباس میں اپنے پاکستانی تشخص کو اجاگر کریں۔ باوقار رہیں اور مہذب پاکستانی شہری ہونے کا ثبوت دیں کیونکہ آپ اپنے ملک کے سفیر بھی ہیں جن کے ذمے اپنے ملک کے بارے میں اچھا تاثر بھی دینا ہے۔

مردوں کو چاہئے کہ وہ احرام کھولنے کے بعد شلوار' قمیص یا پاجامہ کرتا پہنیں۔ جیب پر پاکستانی جھنڈا یا پاکستان لکھا ہو تو بہتر ہے۔

Marfat.com

خواتین خاص طور پر باریک اور چست لباس نہ پہنیں کیونکہ غیر شائستہ لباس عورت کیلئے حرام ہے اس لئے ضروری ہے کہ خواتین موٹے اور ڈھیلے ڈھالے کپڑے کی شلوار، قمیص اور اوڑھنی کے اوپر سفید رنگ کی عبا ضرور استعمال کریں تاکہ بے پردگی نہ ہو۔

## سعودی عرب میں رفاہی انتظامات

(1) حکومت پاکستان نے سعودی عرب میں عازمین حج کی رہنمائی، مدد اور دیکھ بھال کیلئے مستقل دفتر جدہ، مکہ اور مدینہ منورہ میں کھول رکھے ہیں اور عارضی دفتر حج کے دنوں میں مختلف مقامات پر کھولے جاتے ہیں۔ مرکزی دفتر جدہ میں ہے۔ دو ذیلی دفتر پاکستان ہاؤس کے نام سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں ہیں جن کے سربراہ ڈائریکٹر جنرل (حج) ہیں۔

(2) "پاکستان ہاؤس" میں آپ کی سہولت کے لئے تمام ضروری شعبے قائم کئے جاتے ہیں جن میں ڈائریکٹر (حج) کے عملے کے علاوہ ہسپتال، پی آئی اے، بینک کمپیوٹر اور خدام الحجاج کے دفتر اور ہر قسم کی معلومات فراہم کرنے کیلئے کاؤنٹر ہوتے ہیں جہاں سے عمومی مسائل کے حل کیلئے مدد حاصل کی جاسکتی ہے۔

Marfat.com

(3) اس کے علاوہ محلّہ مسفلہ محلّہ جیاد، محلّہ شامیہ، محلّہ غزہ اور حارۃ الباب میں بھی ذیلی دفتر اور ڈسپنسریاں قائم کی جاتی ہیں جو آپ کی دیکھ بھال علاج معالجہ اور بہتری کیلئے کام کرتی ہیں۔

(4) مکہ مکرمہ کے علاوہ مدینہ منورہ کے دفتر حج میں بھی ڈسپنسری کی سہولت موجود ہے۔

(5) تمام اہم مقامات پر مذکورہ معلوماتی مراکز اس لئے قائم کئے جاتے ہیں تاکہ آپ اپنے سامان یا ساتھیوں کی گمشدگی، نقدی یا ضروری کاغذات کی چوری کی شکایات درج کروا سکیں۔ علاوہ ازیں گشتی جماعتیں طبّی امداد اور ہر قسم کی مدد اور رہنمائی کیلئے مختلف مقامات پر چکر لگاتی رہتی ہیں۔ بوقت ضرورت ان سے تعاون حاصل کیا جا سکتا ہے۔

(6) حکومت سعودی عرب نے بھی عازمین حج کی فلاح و بہبود کے لئے مختلف ادارے اور دفتر قائم کر رکھے ہیں۔ جن میں معلّمین کی کارپوریشن اور دلیلوں کی کارپوریشن جسے مؤسسہ کہتے ہیں شامل ہے۔ اگر آپ کو معلم اور دلیل کارپوریشن کی کارکردگی کے بارے میں کوئی شکایت ہو تو آپ سعودی حکومت کے محکمہ حج کے ہاں رپورٹ درج کرا سکتے ہیں۔

Marfat.com

باب نمبر 2

# سفرحج کی تیاری

1- کامیابی کی اطلاع پاتے ہی سفر حج کیلئے ذہنی جسمانی' مادی اور روحانی طور پر تیاری شروع کر دینی چاہیئے۔

حقوق العباد کی کمی کو دور کریں۔ زکوٰۃ اور ہر طرح کے دینی و دنیوی واجبات ادا کریں۔ روٹھوں کو راضی کریں۔ قرض واپس کریں۔ کاروبار اور ہر طرح کے لین دین کو صاف کریں۔ پیدل چلنے کی عادت ڈالیں۔ با جماعت نماز پڑھنے کی عادت اپنائیں۔ اپنے تمام دینی خامیوں کو دور کریں۔ عربی دعائیں اور درود شریف کی عبادت صحیح سیکھیں۔ خاص طور پر نماز کا صحیح طریقہ سیکھیں تاکہ ایک لاکھ اور پچاس ہزار نمازوں کا ثواب حرمین شریفین میں حاصل کر سکیں۔ مناسک حج اور عمرہ کی تربیت حاصل کریں۔ انتظامات حج اور سفر حج کے بارے میں تجربات حجاج سے استفادہ کریں۔ مساجد ضلع کونسل' ریڈیو' ٹی۔ وی اور دیگر مقامات پر ہونے والے پروگراموں میں دلچسپی لیں۔ روانگی سے پندرہ دن پیشتر گردن توڑ بخار کے ٹیکے لگوا کر بین الاقوامی سرٹیفکیٹ حاصل کریں۔ اگر ان کیش منٹ سرٹیفکیٹ نہیں ملا تو بینک سے حاصل کریں۔

Marfat.com

2۔ اپنا سامان آپ کو خود اٹھانا ہوگا اور زیادہ وزن پر زائد کرایہ لگے گا۔ اس لئے ہلکا پھلکا اور صرف ضروری سامان اپنے ساتھ لیں۔ ریکسین یا چمڑے کا ایک سوٹ کیس جس کا سائز 28 × 16 × 8 ہو یا ایک دستی بیگ جس میں تمام ضرورت کا سامان آجائے ساتھ لے جائیں۔

3۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ ایک ٹکٹ پر تین کلو گرام تک سامان بک کرا سکتے ہیں۔ اس سے زائد وزن پر بائیس ریال فی کلو گرام کے حساب سے زائد کرایہ ادا کرنا پڑے گا۔ البتہ دستی بیگ وغیرہ وزن سے مستثنٰی ہوگا۔

4۔ تکئے اور فوم کے گدے اپنے ساتھ نہ لے جائیں کیونکہ یہ رہائش کے ساتھ دستیاب ہوں گے۔ البتہ ضرورت کا سامان جس کی تفصیل یہ ہے ساتھ لے جائیں۔

1۔ مردوں کیلئے احرام کی دو چادریں اگر احرام کی چار چادریں لے جانا چاہیں تو پھر بستر کی چادر اور اوپر اوڑھنے کیلئے چادر لیکر نہ جائیں انہی کو استعمال کریں۔

2۔ شلوار قمیص چار جوڑے۔

3۔ خواتین کے لئے بالوں پر باندھنے کیلئے رومال۔

4۔ موٹے کپڑے کے لمبے اور ڈھیلے ڈھالے چار پانچ جوڑے۔

5۔ لباس کے اوپر اوڑھنے کیلئے بڑی چادر یا عبایہ۔

6۔ ہوائی چپل دو جوڑے اور بند جوتا ایک جوڑا۔

7۔ رومال۔

8۔ تولیہ۔

9۔ حجامت بنانے کا پورا سامان معہ چھوٹی قینچی۔

10۔ ٹوتھ پیسٹ۔

11۔ ٹوتھ برش یا مسواک۔

12۔ ٹائلٹ صابن۔

13۔ ناخن تراش۔

14۔ نظر کی عینکیں دو عدد۔

Marfat.com

15- خط و کتابت کیلئے سادے لفافے۔

16- بال پوائنٹ۔

17- مردوں کیلئے کمر میں باندھنے کی پٹی۔

18- نقدی۔

19- ٹریولر چیک

20- پاسپورٹ۔

21- جہاز کا ٹکٹ۔

22- بورڈنگ کارڈ۔

23- ٹیکوں کا سرٹیفکیٹ

24- مناسک حج وغیرہ کا کتابچہ

25- گلے میں لٹکانے والا ریکسین کا چھوٹا بیگ۔

26- پلیٹ

27- چھوٹا اور بڑا چمچہ

28- نوٹ بک

29- سوئی دھاگہ اور بٹن

30- بکسوا' ازار بند اور سلائی

31- بوٹ پالش بمعہ برش۔

32- صفائی کیلئے کپڑے کا ٹکڑا

33- چھوٹا دستی پنکھا

34- دری یا پلاسٹک کی چٹائی

35- جائے نماز

36- ٹھنڈے پانی کیلئے تھرموس یا بوتل

37- سامان پر باندھنے کیلئے ڈوری یا رسی

38- بڑا مارکر

39- پلاسٹک کا لوٹا - پیالی اور گلاس

40- کپڑے یا جالی کی چند عدد ٹوپیاں

41- تسبیح

42- تکیہ جس کو ہوا بھر کر استعمال کیا جائے۔

43- چھوٹا تالہ

44- فالتو سامان کیلئے بڑا اور مضبوط شاپنگ بیگ۔

45- بنیان اور نیکر

36- چھتری جو ہوائی کمپنی دے گی

47- کنگھی / کنگھا

48- چھوٹا شیشہ

49- شناختی کارڈ کی فوٹو سٹیٹ

50- ٹائلٹ پیپر اور ٹشو پیپر

51- خواتین کو چاہئے کہ کانچ کی چوڑیاں پہن کر نہ جائیں۔

## حاجی کیمپ کیلئے روانگی

وزارت مذہبی امور کی طرف سے موصول ہونے والے اطلاع نامے (کارڈ) پر درج شدہ تاریخ اور وقت کے مطابق حاجی کیمپ کیلئے روانہ ہوں۔ پہلے آئیں نہ تاخیر سے۔

1- اخبارات' ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے ذریعے آپ کو معلوم

Marfat.com

ہو جائے گا کہ عازمین حج کو روانگی کے پروگرام کی اطلاع بھیج دی گئی ہے۔ اگر آپ کو وزارت کی طرف سے اطلاع نامہ (MOVEMENT LETTER) نہ ملے تو آپ وزارت مذہبی امور اسلام آباد فون نمبر 825696 پر رابطہ کریں یا بذریعہ تار اطلاع دیں تاکہ اطلاع نامے کی نقل جاری کی جاسکے۔

2۔ جہاں تک ممکن ہو اپنے عزیزوں اور دوستوں کو اپنے ساتھ حاجی کیمپ نہ لائیں کیونکہ وہاں ان کے ٹھہرنے کا بندوبست نہیں ہے۔

3۔ گھر سے روانہ ہوتے وقت بینک کی رسید اور اس کی فوٹو کاپی، متعلقہ بینک کے تصدیق شدہ پندرہ عدد فوٹو، ہیلتھ کارڈ، زیر نظر کتابچہ وزارت کی طرف سے ملا ہوا روانگی کا کارڈ اور اس کی فوٹو کاپی اور کتاب الحج لانا مت بھولیے۔

4۔ کسی اور کا دیا ہوا سامان ہرگز اپنے ساتھ نہ لے جائیں۔ مجبوری کی صورت میں اچھی طرح تسلی کرلیں کہ اس میں کوئی ممنوعہ شے تو نہیں۔

5۔ حاجی کیمپ روانہ ہونے سے قبل یہ یقین کرلیں کہ آپ نے گردن توڑ بخار اور ہیضے کے ٹیکے لگوالئے ہیں۔ یہ ٹیکے حاجی کیمپ روانگی سے کم از کم پندرہ روز قبل لگوا کر سرٹیفکیٹ حاصل کرلینا چاہئے۔

Marfat.com

جو کہ حاجی کیمپ میں دیگر کاغذات کے ساتھ دیکھا جائے گا اور ائرپورٹ پر دوبارہ پڑتال ہو گی۔

6- حج کے لئے ویزہ لگا ہوا پاسپورٹ فراہم کرنا وزارت مذہبی امور کی ذمہ داری ہے۔ جو حاجی کیمپ میں ہوائی کمپنی کے کاؤنٹر سے کنفرم شدہ سیٹوں کے ٹکٹ کے ساتھ ملے گا۔ اس لئے کوئی شخص اپنا بین الاقوامی پاسپورٹ ہمراہ نہ لائے کیونکہ دو پاسپورٹ رکھنا جرم ہے اور سعودی عرب میں پریشانی ہو سکتی ہے۔ یاد رہے کہ ہر عازم حج کی حج درخواست کا نمبر ہی اس کا پاسپورٹ نمبر ہو گا۔

Marfat.com

باب نمبر 3

## حاجی کیمپ میں قیام

1۔ حاجی کیمپ میں تین دن کا قیام سب عازمین حج کیلئے ضروری ہے، اگر حاجی کیمپ آپ کے شہر میں ہی واقع ہے تو بھی مقررہ تاریخ کو حاجی کیمپ ضرور پہنچ جائیں اور وہاں قیام کریں۔ کسی مجبوری کی صورت میں اجازت لے کر جائیں اور پرواز کی روانگی سے آٹھ گھنٹہ پہلے حاجی کیمپ کے بریفنگ ہال میں ضرور پہنچ جائیں۔

2۔ ایئرپورٹ، ریلوے اسٹیشن یا بس اسٹینڈ سے متعلقہ حاجی کیمپ تک آپ کو پہنچانے کے لئے مقامی ٹرانسپورٹ اتھارٹی خصوصی بسوں اور ویگنوں کا انتظام کریگی جو مناسب کرایہ پر آپ کو حاجی کیمپ لے جائیں گی۔

3۔ حاجی کیمپ کے اندر داخل ہونے سے پہلے اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں سے ملاقات کر کے ان سے فراغت حاصل کرلیں۔ حاجی کیمپ پہنچ کر وزارت سے موصولہ کارڈ دفتر استقبالیہ کو دکھائیں۔ وہاں پر موجود سکاوٹ رہائشی بیرک تک پہنچانے کیلئے آپ کی رہنمائی کریں گے اور آپ کے سامان کیلئے کرائے پر ٹرالی کا بندوبست کریں گے۔

4۔ بیرک میں پہنچ کر اپنا نام سکاوٹ کے رجسٹر میں درج کرائیں اور اپنے گروپ کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔

Marfat.com

5- حاجی کیمپ کے رہائشی بیرک میں آپ کی سہولت کیلئے وزارت کی طرف سے فوم کے گدے مہیا کیے جاتے ہیں۔ پانی اور بجلی کا معقول انتظام ہوتا ہے۔

6- طہارت خانوں میں فلش سسٹم ہے۔ ان میں پتھر' ڈھیلے اور کپڑا وغیرہ نہ ڈالیں۔ صرف پانی اور ٹائلٹ پیپر استعمال کریں۔ نیز بلاضرورت پانی ضائع نہ کریں۔

7- حاجی کیمپ کے اندر ایک مارکیٹ بھی موجود ہوتی ہے۔ جہاں سے آپ ضروری چیزیں مناسب داموں پر خرید سکتے ہیں۔

8- حاجی کیمپ کی مسجد میں ہر نماز کے بعد حج اور عمرہ کے تربیتی پروگرام ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ جن سے آپ کو استفادہ کرنا چاہیے۔ ٹیلی ویژن سیٹ پر جو پروگرام آپ کی تربیت کیلئے کلوز سرکٹ پر دکھائے جاتے ہیں وہ ضرور دیکھیں۔ خواتین کیلئے تربیت کا علیحدہ انتظام کیا جاتا ہے جس میں خواتین لیکچرار تربیت دیتی ہیں۔

9- حاجی کیمپ میں ڈسپنسری بھی ہوتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر آپ وہاں سے علاج کرا سکتے ہیں' نیز گردن توڑ بخار اور ہیضے کے ٹیکے لگانے کا بھی انتظام ہوتا ہے۔

10- وزارت سے موصولہ کارڈ اپنے گروپ لیڈر یا پارٹی لیڈر کو دے دیں وہ آپ کا پاسپورٹ' ٹکٹ اور سامان پر لگانے کیلئے

Marfat.com

شناختی سٹکر ہوائی کمپنی کے کاؤنٹر سے اور شناختی لاکٹ حاجی کیمپ کے عملے سے حاصل کرے گا۔ ویسے یہ چیزیں ہر عازم حج خود بھی کارڈ دکھا کر حاصل کر سکتا ہے لیکن کارڈ واپس نہیں ملے گا اس لئے اس کی فوٹو کاپی پہلے ہی اپنے ساتھ رکھیں۔

11۔ گروپ لیڈر کی یہ بھی ذمہ داری ہوگی کہ وہ متعلقہ بینک سے گروپ کے تمام ممبران کیلئے زرمبادلہ کے حصول میں مدد اور رہنمائی کرے۔

12۔ پاسپورٹ' ٹکٹ' واجبات حج کی رسید (سپانسر شپ والے ان کیش منٹ سرٹیفکیٹ بھی) اس بینک کی برانچ میں جمع کرائیں جس میں واجبات حج جمع کرائے تھے۔ پاسپورٹ میں لازمی کٹوتی کا اندراج کرنے کے بعد بینک باقی رقم کا ڈالر یا ریال میں ٹریولر چیک جاری کرے گا۔ ایک دستخط یا انگوٹھا ٹریولر چیک لیتے وقت اور دوسرا دستخط ٹریولر چیک کیش کراتے وقت کرنا ہوگا۔ تفصیل والی رسید ٹریولر چیک سے الگ سنبھال کر رکھیں۔

13۔ آپ نے جو کل واجبات درخواست کے ساتھ جمع کروائے تھے' اس میں زرمبادلہ کی رقم بھی شامل تھی۔ اس رقم سے بینک معلم فیس مدینہ منورہ جانے اور آنے کیلئے بس کا کرایہ' خیمے منیٰ' عرفات' مزدلفہ کی بس کا کرایہ' مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں رہائش کا کرایہ اور بینک کمیشن کاٹ کر باقی رقم کا ٹریولر چیک آپ کے

Marfat.com

حوالے کرے گا۔ یہ کٹوتیاں عازمین حج کیلئے لازمی ہیں اور کسی صورت میں قابل واپسی نہیں ہیں۔ جن عازمین حج نے اپنا ڈرافٹ بیرون ممالک سے منگوایا ہے اور انہوں نے اپنی رہائش کا خود انتظام کیا ہے۔ ان سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی رہائش کا کرایہ نہیں کاٹا جائے گا۔ بینک آپ کو تقریباً 40 ریال نقد اور باقی رقم ٹریولر چیک کی شکل میں دے گا۔ ٹریولر چیک کے نمبر آپ اس کتابچہ یعنی "ہدایات و مفید معلومات برائے عازمین حج" کے آخر پر درج کر لیں۔

14۔ جو رقم بینک آپ کو ٹریولر چیک کی صورت میں دے گا وہ آپ کے کھانے پینے، قربانی اور وہاں عمرے اور زیارات کی آمد و رفت کے کرائے کیلئے کافی ہو گی۔ بلکہ کچھ رقم بچ بھی جائے گی۔ آپ اپنے گھر والوں کیلئے تبرکات اور تحائف خریدتے وقت احتیاط سے کام لیں اور خریداری جاتے ہی کرنے کی بجائے آخر میں کریں۔ تمام چیک ایک ہی دفعہ کیش کرانے کی بجائے ضرورت کے مطابق کیش کرائیں۔

15۔ پاسپورٹ کا صفحہ نمبر 13 - 14 پاسپورٹ سے الگ کر کے اسے حفاظت سے اپنے پاس رکھیں تا کہ جہاں کہیں ضرورت پڑے مثلاً ٹریولر چیک کیش کراتے وقت بینک میں آپ اسے دکھا سکیں۔ اس میں آپ کے مکمل کوائف، شناخت اور زر مبادلہ کی تفصیلات درج ہیں۔ ٹریولر چیک دیتے ہوئے بینک والے تمام ٹریولر چیک کی

Marfat.com

(جو آپ کو ملیں گے) تفصیلات کا ایک سرٹیفکیٹ بھی دیتے ہیں۔ اس کو آپ ٹریولر چیک سے الگ حفاظت سے رکھیں تاکہ خدانخواستہ ٹریولر چیک کی گمشدگی کی صورت میں ان کا ثبوت بینک کے نمائندوں کو مہیا کیا جا سکے۔ اور گمشدہ ٹریولر چیک کی جگہ نئے ٹریولر چیکس جاری کرنے میں سہولت اور رقم ضائع ہونے سے بچ جائے۔

16۔ استقبالیہ کے قریب لاؤڈ سپیکر سے اعلانات کا انتظام موجود ہوتا ہے۔ بوقت ضرورت اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

17۔ رہائشی کمروں اور دیواروں پر کسی قسم کی تصویر نہ بنائیں اور نہ ہی لکھیں۔

18۔ ایئرپورٹ پر عازمین حج کو بورڈنگ کارڈ جاری نہیں کئے جاتے اس لئے بورڈنگ کارڈ حاصل کئے بغیر ایئرپورٹ نہ جائیں۔

19۔ تخریبی کارروائیوں کی روک تھام کیلئے انتظامیہ سے تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا چیز کی فوراً اطلاع دیں۔

## جدہ کیلئے روانگی (بذریعہ بحری جہاز)

1۔ بحری جہاز سے سفر کرنے والے عازمین حج، حاجی کیمپ سے احرام نہ باندھیں بلکہ جدہ کی بندرگاہ سے تقریباً 60 کلومیٹر پہلے مقام یلملم سے جہاز میں احرام باندھنے کا اعلان کیا جاتا ہے۔ اس اعلان پر عمل

Marfat.com

کریں احرام باندھنے کے ساتھ ہی اپنا شناختی لاکٹ گلے میں ڈال لیں اور اسے کبھی نہ اتاریں۔

2۔ بحری جہاز سے جانے والے حضرات کو خصوصی بسیں بیت الحجاج کراچی سے بندر گاہ تک پہنچاتی ہیں اور اس کا مناسب کرایہ وصول کرتی ہیں۔ بحری جہاز سے سفر کرنے والے اپنا وزنی سامان ٹرکوں پر حاجی کیمپ سے بھجوا دیں لیکن سفری کاغذات' دوران سفر استعمال کی چیزیں اور احرام کی چادریں اپنے ساتھ رکھیں۔

3۔ بندر گاہ جاتے وقت تلبیہ پڑھیں اور اللہ سے لو لگائیں۔ ادھر ادھر نہ ہوں۔ بھیڑ کی وجہ سے ایسا نہ ہو کہ آپ کھو جائیں یا جہاز سے رہ جائیں۔ بندر گاہ پر انتہائی نظم وضبط کا مظاہرہ کریں۔

4۔ بحری جہاز کا سفر تقریباً سات آٹھ دن کا ہوتا ہے۔ سمندر میں کبھی کبھی طوفان بھی آتا ہے۔

5۔ بحری جہاز میں اپنا سامان اپنی نشست کے قریب رکھیں اور خود ہی اس کی حفاظت کریں۔

6۔ بحری جہاز پر کھانے اور چائے مقررہ اوقات پر آپ کو ملیں گے اور ان کیلئے کوئی قیمت نہیں لی جائے گی۔

7۔ جہاز میں صفائی کا پورا خیال رکھیں اور گندگی نہ پھیلائیں۔ خصوصاً بیت الخلاء میں پتھر' اینٹ یا کپڑا وغیرہ استعمال نہ کریں کیونکہ اس سے فلش بند ہو جائے گا' صرف پانی اور ٹائلٹ پیپر استعمال کریں۔

Marfat.com

## جدہ میں آمد ( بذریعہ بحری جہاز )

1۔ اپنے گروپ یا پارٹی کے ساتھ منظم طریقے سے جہاز سے اتریں ' اترتے وقت اپنا ہلکا پھلکا سامان ہاتھ میں رکھیں اور بھاری سامان جہاز میں چھوڑ دیں یہ سرکاری مزدور اتاریں گے۔

2۔ اپنا پاسپورٹ اپنے ہاتھ میں رکھیں اور کسٹم ہاؤس کی بالائی منزل پر چلے جائیں یہاں چیکنگ ہوگی۔

3۔ اوپر والی منزل پر پہنچ کر امیگریشن کاؤنٹر پر قطار میں کھڑے ہو جائیں اور اپنے پاسپورٹ پر دخول کی مہر لگوائیں۔ اس طرح مکتب الوکلاء کے کاؤنٹر سے مہر لگوا کر پاسپورٹ سنبھال کر رکھ لیں۔

4۔ اس کام سے فارغ ہو کر نیچے آ جائیں اور ملے جلے سامان سے اپنا سامان نکال کر کسٹم کے عملہ سے چیک کرائیں یاد رکھیں چیکنگ بہت سخت ہوتی ہے اس لئے ممنوعہ اشیاء قطعاً نہ لے جائیں۔

5۔ چیکنگ کے بعد سامان مضبوطی سے باندھ لیں اور قلی کی مدد سے کسٹم شیڈ کے باہر ٹرکوں میں اپنے سامنے رکھوا دیں اور خود ہلکے پھلکے سامان کے ساتھ باہر آ جائیں قلی کو معاوضہ ادا نہیں کیا جائے گا۔ جہاز سے اترنے کے بعد مندرجہ بالا تمام ضروری کارروائیوں کی تکمیل میں تقریباً 8 گھنٹے لگتے ہیں۔

6۔ کسٹم ہاؤس سے حاجی کیمپ جدہ تقریباً اڑھائی کلو میٹر ہے اور

Marfat.com

سرکاری بسیں بلامعاوضہ آپ کو وہاں پہنچا دیں گی۔ آپ کا سامان بھی ٹرکوں سے وہاں آجائے گا۔ حاجی کیمپ جدہ کا کرایہ کراچی میں ہی کاٹ لیا جائے گا اس لئے یہاں ادا نہیں کرنا ہوگا۔

7۔ حاجی کیمپ جدہ میں پاکستانی عازمین حج کیلئے مخصوص کمروں میں قیام کریں اپنے سامان کی پڑتال کریں اگر کوئی چیز کم نظر آئے تو پہلے خود تلاش کریں اور نہ ملے تو اپنے گروپ لیڈر یا پاکستان حج ڈائریکٹوریٹ کے عملے سے مدد حاصل کریں۔

## جدہ کیلئے روانگی (بذریعہ ہوائی جہاز)

1۔ جہاز کی روانگی کا وقت پی آئی اے / سعودی ائرلائنز کا عملہ آپ کو بتادے گا اور ٹکٹ پر بھی درج ہوگا۔ پرواز سے چھ گھنٹے قبل آپ اپنا سامان لے کر حاجی کیمپ کے کسٹم ہال میں کسٹم کے عملے سے چیک کروائیں۔ ممنوعہ اشیاء جن کی تفصیل پہلے دے دی گئی ہے ہرگز ساتھ نہ لے جائیں۔ آپ کا سامان ایئر لائنز کے ٹرکوں میں ایئرپورٹ پہنچا دیا جائے گا جو جدہ ایئرپورٹ پر واپس ملے گا۔ صرف دستی بیگ اپنے ساتھ رکھیں جس میں احرام کی چادریں اور ضروری دستاویزات ہوں۔ اس سامان کی چیکنگ ایئرپورٹ پر ہوگی' ایئرپورٹ پر پہنچ کر کمرہ انتظار میں داخل ہونے سے پہلے اپنا سامان پی آئی اے یا سعودی ایئرلائنز کے عملے کے پاس جمع کرائیں ان سے سامان کا ٹیگ لیں اور بورڈنگ کارڈ حاصل کریں

Marfat.com

جس پر آپ کا سیٹ نمبر درج ہو گا۔ ہوائی اڈے جانے کیلئے حاجی کیمپ سے بس میں سوار ہوں۔ براہ راست ہرگز نہ جائیں۔ ایسا نہ ہو کہ آپ جہاز سے رہ جائیں۔ عازمین کو حاجی کیمپ یا ایئرپورٹ سے احرام باندھنا چاہئے۔ جہاز کے اندر احرام باندھنا مستحسن نہیں۔

2۔ ہوائی جہاز کے بیت الخلاء میں پانی کم ہوتا ہے اور جلدی ختم ہو جاتا ہے اس لئے بیت الخلاء سے فارغ ہو کر جہاز میں سوار ہوں۔ ہوائی اڈے پر غسلخانے/بیت الخلاء موجود ہوتے ہیں اور وضو کا اچھا انتظام ہوتا ہے۔ ہوائی جہاز کے بیت الخلاء میں غسل کرنا یا کسی اور طرح فرش پر پانی گرانا بہت خطرناک ہے۔ جہاز میں صفائی کا پورا خیال رکھیں اور گندگی نہ پھیلائیں۔ خصوصاً بیت الخلاء میں پتھر، اینٹ یا کپڑا نہ پھنکیں کیونکہ اس سے فلش کا نظام خراب ہو جائے گا صرف پانی اور ٹائلٹ پیپر استعمال کریں۔ سگریٹ بجھانے کیلئے ایش ٹرے اور تھوکنے کیلئے لفافے استعمال کریں۔

3۔ ہوائی جہاز کا سفر تقریباً پانچ گھنٹے کا ہوتا ہے سفر کے دوران اپنے آپ کو ذکر الٰہی میں مشغول رکھیں اگر کسی خرابی کی وجہ سے پرواز میں تاخیر ہو جائے تو صبر و تحمل سے کام لیں اور ایئرلائنز کی ہدایات پر عمل کریں۔

Marfat.com

## جدہ میں آمد ( بذریعہ ہوائی جہاز )

1۔ عازمین حج کو تقریباً آٹھ گھنٹے جدہ ہوائی اڈے پر گزارنے پڑتے ہیں۔ تاخیر سے نہ گھبرائیں کیونکہ آپ خود دیکھیں گے کہ ایک ایک منٹ کے بعد مختلف ممالک سے عازمین حج کے جہاز آرہے ہوں گے جن کی امیگریشن اور کسٹم چیکنگ کیلئے کافی وقت درکار ہوتا ہے۔

2۔ جہاز سے اتر کر تمام عازمین حج پہلے ہال (انتظار گاہ) میں جائیں گے۔ جہاں سعودی عرب کی وزارت صحت بشرط ضرورت عازمین حج کو چند ادویات اپنی زیر نگرانی استعمال کراتی ہے یا ٹیکے لگاتی ہے۔ پھر دوسرے ہال میں امیگریشن کا عملہ پہلے کاونٹر پر فرداً فرداً پاسپورٹ لے کر دخول کی مہریں لگاتا ہے۔ ہر عورت اور مرد کے ہاتھ میں اپنا اپنا پاسپورٹ ہونا چاہئے۔ دوسرے کاؤنٹر پر مکتب الوکلاء کا عملہ ضروری اندراج کر کے مہر لگا کر پاسپورٹ واپس کر دیتا ہے۔

3۔ جامہ تلاشی کے کمرے سے گزر کر تیسرے ہال میں اپنا سامان اکٹھا کر کے کسٹم والوں سے چیک کرائیں۔

4۔ کسٹم ہال سے نکلتے وقت یقین کر لیں کہ آپ کا تمام سامان آپ کے ساتھ ہے۔ اس بات کا خیال رہے کہ آپ دوبارہ کسٹم ہال میں داخل نہیں ہوسکتے۔ ہال سے باہر آکر اپنا سامان ریڑھیوں پر رکھ کر گروپ کی شکل میں بسوں کے اڈے پر آجائیں۔ وہاں گروپ کی شکل میں بیٹھے

Marfat.com

ادھر ادھر مت گھومیں۔ ایسے میں اپنے ساتھیوں سے بچھڑنے کا خدشہ ہوتا ہے۔ بس اسٹینڈ پر حج ڈائریکٹوریٹ کا عملہ/ خدام الحجاج بسوں کے حصول اور ترسیل کی تمام کارروائی میں آپ کی رہنمائی کرے گا اور آپ کو مکہ مکرمہ بھیجنے کیلئے بسوں میں سوار کرائے گا۔

## مکہ مکرمہ کیلئے روانگی

1۔ حاجی کیمپ جدہ کے بس اسٹینڈ پر پورا گروپ اپنے سامان کو ایک جگہ اکٹھا کرے تاکہ آپ کا سامان آپ کے ساتھ مکتب کی بس پر چڑھایا جاسکے۔

2۔ بس میں بیٹھنے سے پہلے تسلی کرلیں کہ آپ اپنے ہی گروپ کے ساتھ اپنے مکتب کی بس میں بیٹھے ہیں اور آپ کا سامان اسی بس پر ہے۔

3۔ بس اس وقت تک نہیں چلتی جب تک سواریاں پوری نہ ہو جائیں۔ اس لئے آپ ادھر ادھر نہ ہوں' ورنہ دوسروں کو تکلیف ہوگی اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ بس چلی جائے۔

4۔ مکہ مکرمہ جاتے ہوئے راستے میں خط سریع کی چیک پوسٹ پر بس ڈرائیور آپ کے پاسپورٹوں کا اندراج کراتا ہے جس میں کافی وقت لگتا ہے۔ یہاں صبر سے کام لیں اور تلبیہ پڑھتے رہیں اور بس کے اندر ہی بیٹھے رہیں۔ بسیں ایک ہی قسم کی ہوتی ہیں ایسا نہ ہو کہ واپس بس تک نہ پہنچ سکیں۔

Marfat.com

# عمرہ کی ادائیگی اور قیام

1- جدہ ایئرپورٹ سے تقریباً تین گھنٹے کے سفر کے بعد جس میں خط سریع میں پاسپورٹ کا اندراج بھی شامل ہے، آپ مکہ معظمہ پہنچیں گے مکتب اور خدام الحجاج آپ کی رہنمائی اور مدد کیلئے موجود ہوں گے اور آپ کیلئے پیشگی حاصل کی ہوئی رہائش گاہ تک پہنچائیں گے۔ آپ کے پاسپورٹ بس کا ڈرائیور مکتب کے حوالے کرے گا جو وہاں جمع رہیں گے۔

2- رہائش گاہ پر پہنچنے پر آپ گروپ لیڈر کی ہدایات پر عمل کریں۔ سب سے پہلے اپنی مقرر کردہ جگہ پر سامان رکھیں جہاں اڑھائی مربع میٹر جگہ ہر عازم حج کو رہنے کیلئے ملے گی۔ ضعیف حضرات اور خواتین کو نچلی منزل میں جگہ دیں اور گروپ لیڈر کی مدد سے مکتب کا کارڈ حاصل کریں اور احرام پر لگالیں۔ یہ نہایت ضروری ہے اس کے بعد عمرہ کیلئے حرم شریف چلے جائیں۔

3- عبادت، عمرے یا زیارت کیلئے باہر جاتے وقت گروپ کے ساتھ گروپ لیڈر کی سرکردگی میں جائیں اگر احرام میں نہ ہوں تو مقررہ لباس پہنیں اور یہ یقین کرلیں کہ آپ نے اپنا شناختی لاکٹ ضرور گلے میں پہنا ہوا ہے اور آپ کے پاس مکتب کا کارڈ حفاظت سے رکھا ہوا ہے۔

Marfat.com

4۔ اگر کہیں گم ہو جائیں تو پاکستان ہاؤس یا دوسرے دفاتر جن پر پاکستانی پرچم نظر آئے ان سے رجوع کریں وہ آپ کی رہائش تک پہنچانے میں مدد کریں گے۔

5۔ آپ کی رہائش گاہ میں ایئر کنڈیشنر/پنکھے/بجلی/پانی کا نظام/لفٹ/بیت الخلاء کسی وجہ سے خراب ہو جائے تو ایسی صورت میں اپنی عمارت میں موجود پاکستانی خدام الحجاج سے فوری رابطہ قائم کریں۔

6۔ غسلخانہ کی تکلیف عام ہوتی ہے کیونکہ 20 - 25 لوگوں کیلئے صرف ایک غسلخانہ ہوتا ہے اس کے استعمال کیلئے اوقات بانٹ لیں۔

7۔ رہائش گاہ میں بجلی کا واٹر کولر عموماً نچلی منزل پر لگا ہوتا ہے۔ اپنی ضرورت کے مطابق اس سے پینے کیلئے پانی لیجئے۔ پانی کے بے جا استعمال سے پرہیز کریں۔ یعنی ٹھنڈے پانی سے وضو نہ کریں۔

8۔ رقم کی ضرورت کے وقت پاسپورٹ کا صفحہ 14/13 بینک میں دکھا کر ٹریولر چیک کیش کرائیں۔ بیک وقت سارے ٹریولر چیک کیش نہ کرائیں کیونکہ نقدی گم ہو جانے کی صورت میں اس کی تلافی ممکن نہیں ہے۔ البتہ ٹریولر چیک گم ہو جانے کی صورت میں ضروری تفتیش کے بعد نئے ٹریولر چیک جاری ہو جائیں گے۔

Marfat.com

9- ٹریولر چیک گم ہو جانے کی صورت میں ان کی رسید کے ہمراہ پاکستان ہاؤس مکہ مکرمہ/مدینہ منورہ جا کر متعلقہ بینک کے نمائندے کو فوری رپورٹ کریں۔ اور نئے ٹریولر چیک جاری کرنے کی درخواست کریں۔

10- گرمی کی شدت کی وجہ سے بلاضرورت دھوپ میں نہ جائیں اور جب ضروری ہو تو جاتے ہوئے خوب پانی پی لیں' نمکول استعمال کریں اور دن کے وقت چھتری کا استعمال ضرور کریں۔ اگر احرام میں نہ ہوں تو سر کو تولیئے سے ڈھانپ لیں۔

11- بیماری کی صورت میں نزدیک ترین پاکستانی یا کسی اور ڈسپنسری سے رابطہ قائم کریں۔

12- خواتین بغیر محرم کے ادھر ادھر نہ پھریں حرم شریف جانے کیلئے اپنے گروپ کے ساتھ جائیں۔

13- حرم شریف میں بھیڑ بہت ہوتی ہے طواف کے دوران میں واقعات بھی ہوتے ہیں اس لئے اپنے پاس زیادہ نقدی اور ٹریولر چیک نہ رکھیں۔ اپنا واپسی کا ٹکٹ ٹریولر اور نقدی اپنے پاس احتیاط سے رکھیں۔ گم ہونے کی صورت میں پاکستان حج آفس میں فوری اطلاع دیں۔

14- آپ مدینہ منورہ پہلے سے طے شدہ پروگرام کے مطابق ہی جاسکتے ہیں۔ اس سے پہلے جانا ممکن نہیں۔

Marfat.com

## مکہ مکرمہ سے منیٰ، عرفات اور مزدلفہ روانگی۔ قیام اور واپسی

1۔ آٹھ ذوالحجہ یا اس سے پہلے مکتب کی بسیں آپ کو مکہ مکرمہ سے منی لے جا کر اس کی طرف سے فراہم کردہ خیموں تک پہنچائیں گی۔ بس میں سوار ہونے سے پہلے بس کا کارڈ حاصل کریں۔ یہ بسیں صرف ان حجاج کرام کو مکہ مکرمہ سے منیٰ، عرفات، مزدلفہ اور مزدلفہ سے واپس منیٰ پھر مکہ واپس لائیں گی، بے انتہا رش کی وجہ سے بسوں کی آمد میں تاخیر ہو جاتی ہے۔ آپ دریں اثناء صبر و تحمل سے کام لیں۔ بس کا کرایہ متعلقہ حاجی کیمپ میں ہی کٹ جائے گا۔ آپ اس سفر کیلئے بہت ہی کم اور ہلکا سامان ساتھ لے جائیں خیموں میں دریاں، واٹر کولر اور پنکھے حکومت پاکستان کی طرف سے آپ کو مہیا کئے جائیں گے احرام کھولنے کے بعد عام لباس کی ضرورت ہوگی۔

2۔ 9 ذوالحجہ کو یہی بسیں منیٰ سے عرفات لے جائیں گی جہاں سے غروب آفتاب کے بعد آپ کو مزدلفہ لے جایا جائے گا جہاں رات کو قیام کرنے کے بعد صبح منیٰ پہنچایا جائے گا۔ صرف اپنے مکتب اور اپنی بس میں سوار ہوں۔

3۔ عرفات میں قیام کے دوران بلا ضرورت ادھر ادھر نہ پھریں، گرمی شدت کی ہوتی ہے۔ لو لگنے اور بھٹک جانے سے عرفات کی اہم عبادات سے محروم ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔

Marfat.com

4- منیٰ میں بڑے شیطان کو کنکریاں مارنے اور قربانی کرنے اور حلق یا قصر سے فارغ ہونے کے بعد آپ اپنے ذرائع سے طواف زیارت کیلئے مکہ مکرمہ جا کر واپس منیٰ آئیں گے' چھوٹی گاڑیاں اور بسیں عام ملتی ہیں۔ گروپ یا پارٹیوں کی شکل میں مکہ مکرمہ جائیں۔

5- منیٰ میں قیام کے دوران آپ کے علاج معالجہ اور طبّی سہولت کیلئے ہسپتال ہوتے ہیں۔ عرفات میں بھی ڈسپنسری قائم کی جاتی ہے۔

6- منیٰ میں شیطانوں کو کنکریاں مارتے وقت حاجیوں کا بڑا زبردست ہجوم ہوتا ہے۔ اس لئے کنکریاں مارنے سے پہلے باہر کوئی جگہ یا نشان ساتھیوں سے طے کرلیں جہاں بچھڑے جانے کی صورت میں کنکریاں مار کر جمع ہوں گے۔ کنکریاں مارنے کی جگہ دو منزلہ ہے۔ اوپر سے بھی کنکریاں مار سکتے ہیں اور نیچے سے بھی۔ بڑے شیطان کو کنکریاں مارنے کے بعد وہاں نہ رکیں۔ کوئی چیز گر جائے تو ہرگز ہرگز اٹھانے کی کوشش نہ کریں۔ چپل وغیرہ پاؤں سے نکل رہی ہو تو ہرگز ہرگز جھک کر ٹھیک کرنے کی غلطی بھی نہ کریں اس سے کچلے جانے کا خطرہ ہے۔ ایسا بیمار یا معذور شخص جسے اٹھا کر لے جائیں تب بھی اپنے ہاتھ سے کنکریاں نہ مار سکے' وہ اپنی طرف سے کنکریاں مارنے کیلئے کسی دوسرے ساتھی کو مقرر کر سکتا ہے۔ البتہ معمولی بیماری یا صرف رش کی وجہ سے دوسرے کو مقرر کرنا جائز نہیں۔ بوڑھے'

Marfat.com

بیمار اور عورتیں رات کے وقت کنکریاں مار سکتے ہیں۔ رات کو خصوصاً عشاء کے بعد رش کافی حد تک کم ہوتا ہے۔ لہٰذا عورتوں کو رات ہی کے وقت کنکریاں مارنی چاہئیں۔

7۔ منیٰ میں تمام مناسک ادا کر کے 12 ذوالحجہ کو مکہ مکرمہ تشریف لے آئیں اور مکہ مکرمہ کو چھوڑتے وقت طواف وداع کریں پھر پروگرام کے مطابق مدینہ منورہ یا وطن واپسی کیلئے جدہ روانہ ہو جائیں۔

## مدینہ منورہ کیلئے روانگی

1۔ وزارت مذہبی امور سے موصولہ اطلاع نامہ میں درج شدہ پروگرام کے مطابق مکہ مکرمہ آنے کے بعد حج سے پہلے یا حج کے بعد صرف مکتب کی فراہم کردہ بسوں میں ہی آپ مدینہ منورہ جا سکتے ہیں۔ کرایہ آپ سے پاکستان میں پہلے منہا کر لیا جائے گا۔ مدینہ منورہ کا فاصلہ تقریباً ساڑھے تین سو کلو میٹر ہے۔ سفر میں تقریباً بارہ گھنٹے لگ جاتے ہیں اس لئے اپنے ساتھ پانی کی بوتل خورد نوش کی ضروری اشیاء اپنے ساتھ رکھیں اور ضروری حاجات سے فارغ ہو کر بس میں سوار ہوں۔ مدینہ منورہ کا سفر عموماً رات کو ہوتا ہے۔

2۔ ایسے عازمین حج جو حج کے نزدیک مکہ معظمہ پہنچتے ہیں، انہیں مدینہ منورہ حج کے بعد بھیجا جاتا ہے۔ ایسے حجاج کی دوبارہ مکہ معظمہ واپسی نہیں ہوتی اس لئے طواف وداع سے فارغ ہو کر اپنا پورا

Marfat.com

سامان ساتھ لے جائیں۔ مدینہ منورہ میں 9/8 دن کے قیام کے بعد پروگرام کے مطابق سیدھے جدہ جاتے ہیں۔

3۔ ایسے عازمین حج جو حج سے کافی پہلے مکہ مکرمہ پہنچتے ہیں ان کے کارڈ پر ( Before Hajj ) لکھا ہوتا ہے۔ ان کو عمرہ کی ادائیگی کے بعد حج سے پہلے مدینہ منورہ بھیجا جاتا ہے۔ 8 - 9 دن قیام کے بعد وہ بیئر علی ( ذوالحلیفہ ) سے عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ مکرمہ واپس آتے ہیں۔ ایسے عازمین حج کو صرف ضروری سامان اور احرام کی چادریں ساتھ لے کر مدینہ منورہ جانا چاہیے۔

## مدینہ منورہ میں قیام اور واپسی

1۔ مدینہ منورہ میں عنبریہ کے مقام پر بس ڈرائیور آپ کے پاسپورٹوں کا اندراج کرائے گا۔ یہاں پر پاکستان حج آفس کا عملہ/خدام الحجاج آپ کی رہنمائی اور مدد کیلئے موجود ہوں گے۔ مدینہ منورہ میں آپ کے لئے رہائش پہلے سے حاصل کر لی جائے گی مدینہ منورہ میں دلیل کا وہی کام ہے جو مکہ مکرمہ میں معلم کا کام ہے۔ مکہ مکرمہ میں لیا ہوا موسسہ کا کارڈ اپنے پاس رکھیں مگر یہاں پر دلیل سے رہائش گاہ کے پتے کا کارڈ ضرور حاصل کریں۔ مدینہ منورہ میں قیام کے دوران میں وہ کارڈ آپ کی شناخت کا کام دیتا ہے۔

2۔ مدینہ منورہ میں آپ کا قیام تقریباً 9 دن کا ہوتا ہے یہاں

Marfat.com

پر بہت سی زیارات ہیں۔ گروپ کی شکل میں زیارات کے لئے جائیں اور مل کر گاڑی کرایے پر لیں اس طرح سہولت ہوگی۔

3۔ مدینہ منورہ میں بھی پاکستان حج آفس (پاکستان ہاؤس) اور ڈسپنسری موجود ہے ضرورت پڑنے پر ان سے رجوع کریں۔

4۔ حرم نبویؐ جاتے وقت اپنے پاس کچھ نقدی رکھیں کیونکہ حرم نبوی میں بھی کبھی کبھی جیب تراشی کے واقعات ہو جاتے ہیں۔

5۔ تقریباً 9 دن قیام کے بعد مکتب کی فراہم کردہ بسیں آپ کو (حج سے پہلے جانے کی صورت میں) مکہ معظمہ (اور حج کے بعد جانے کی صورت میں) جدہ پہنچائیں گی۔ اگر آپ مدینہ منورہ سے مکہ معظمہ آرہے ہوں تو مدینہ منورہ سے تقریباً دس کلو میٹر کے فاصلے پر ذوالحلیفہ (ابیار علی) کے مقام پر عمرہ کی نیت سے احرام باندھیں اور عمرہ کر کے احرام کھولیں۔

## وطن واپسی

1۔ حج کے بعد آپ کو پی۔ آئی۔ اے اور سعودی ایئر لائنز کی طرف سے فراہم کردہ جہاز کے ٹکٹ میں دیئے گئے وقت اور تاریخ کے مطابق مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ سے مکتب کی بسیں پاکستان روانگی کیلئے جدہ پہنچائیں گی۔

Marfat.com

2- اپنی سیٹ تبدیل کرانے کی کوشش نہ کریں کیونکہ ایسا کرنے سے آپ کو سخت دشواری پیش آئے گی۔

3- اپنے عزیزوں کیلئے تبرکات و تحائف ہلکے پھلکے خریدیں۔ پاکستان میں ہر شے دستیاب ہے۔ 30 کلو سے وزن زیادہ ہونے کی صورت میں آپ کو زحمت ہوگی۔ زائد وزن کا کرایہ وصول کیا جائے گا جس کی شرح بائیس ریال فی کلو ہوگی۔

4- آب زم زم لے جانے کیلئے پلاسٹک کا مضبوط کین (پانچ لیٹر) لیں۔

5- بس ڈرائیور حج ٹرمینل پر پاسپورٹ آپ کے حوالے کرے گا۔ جہاز کی روانگی سے بارہ گھنٹے قبل پی آئی اے / سعودی ایئر لائنز کے کاؤنٹر پر اپنا پاسپورٹ امیگریشن والوں سے خروج کی مہر لگوانے اور سیٹ پکی کروانے کیلئے جمع کرانا ہوگا۔ اس کا خاص خیال رکھیں۔

6- پاکستان پہنچ کر ایئرپورٹ پر حسب معمول کسٹم چیکنگ ہوگی، اس لئے غیر قانونی اور ممنوعہ اشیاء نہ لائیں۔

7- بجلی کا سامان اپنے دستی بیگ میں نہ رکھیں بلکہ بک کئے جانے والے سامان میں شامل کریں۔ کھلونوں سے سیل نکال لیں۔

Marfat.com

# کسٹم کے قوانین

حکومت پاکستان نے حجاج کرام کو مندرجہ ذیل اشیاء ہمراہ لانے کی سہولت دی ہے۔

1۔ آب زم زم کسی بھی مقدار میں۔
2۔ مذہبی کتب' مناسب تعداد میں۔
3۔ خاک شفا چالیس روپے مالیت تک۔
4۔ کفن کا کپڑا' دو پارچہ جات۔
5۔ جائے نماز 6 عدد۔
6۔ شال یا بڑے رومال' چھ عدد
7۔ تسبیح چھ درجن۔
8۔ سرمہ 20 روپے مالیت تک۔
9۔ کھجور 5 کلو تک۔
10۔ مذہبی تصاویر' مناسب تعداد میں۔
11۔ استعمال کی عینک ایک عدد۔
12۔ کلائی کی گھڑی اور ٹائم پیس ایک عدد۔
13۔ سگریٹ لائٹر' ایک عدد۔
14۔ ادویات مناسب مقدار میں۔
15۔ قلم ایک سیٹ اور چھوٹا چاقو۔

Marfat.com

16- بجلی کا ہیر ڈرائیر ایک عدد برائے خواتین۔

17- بجلی کی استری ایک عدد۔

18- پاسپورٹ میں درج شدہ زیور برائے خواتین۔

19- ذاتی استعمال کی نئی و پرانی اشیاء جو حجاز مقدس میں خریدی گئی ہوں اور جن کی مالیت 750 روپے سے زائد نہ ہو اگر ان کی مالیت 2000 روپے تک ہوگی تو کسٹم ڈیوٹی ادا کرنا ہوگی' اس سے زائد مالیت کی اشیاء ضبط کر لی جائیں گی۔ ایئر کنڈیشنر' ریفریجریٹر' رنگین ٹیلیویژن' وی سی آر وغیرہ ممنوع اشیاء ہیں۔ ان کی در آمد کی اجازت نہیں ہے۔

## ٹیلیفون

سعودی عرب میں ٹیلیفون کرنے کی بہت سہولت ہے اور نرخ بھی بہت مناسب ہیں۔ مکہ معظمہ' منیٰ' مدینہ منورہ اور جدہ ایئرپورٹ پر اور تمام اہم مقامات پر ٹیلیفون بوتھ لگے ہوئے ہیں۔ جہاں سے آپ ہر وقت ہر جگہ لوکل یا بین الاقوامی سطح پر ٹیلیفون کر سکتے ہیں۔ ٹیلیفون بوتھ پر جانے سے پہلے ضروری تعداد میں سعودی سکے ضرور حاصل کر لیں۔ فون کرنے کا طریقہ یہ ہے۔

1- مقامی ٹیلیفون کرنے کیلئے بغیر سکے ڈالے مطلوبہ نمبر ملا لیجئے۔ سیٹ پر مقامی یا لوکل لکھا ہو گا۔

Marfat.com

2۔ سعودی عرب کے کسی دوسرے شہر میں فون کرنا ہو تو نصف یا پورے ریال کے سکے ڈال کر اس شہر کا کوڈ ملایئے۔ اور پھر مطلوبہ نمبر، چند مشہور شہروں کے کوڈ نمبر یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| جدہ | 02 |
| مکہ مکرمہ | 02 |
| مدینہ منورہ | 04 |
| طائف | 02 |
| ریاض | 01 |

3۔ سعودی عرب سے پاکستان کے مختلف شہروں میں ٹیلیفون پر بات کرنے کیلئے 0092 ملانے کے بعد اپنے ملک کا کوڈ نمبر اور اصل ٹیلیفون نمبر ملائیں۔ کوڈ نمبر کتابچہ ہذا میں ملاحظہ فرمائیں۔

4۔ مثال کے طور پر آپ اسلام آباد 821419 پر بات کرنا چاہتے ہیں تو ایک ریال کے سکے سیٹ کے اوپر قطار میں رکھ کر پہلے 0092 ملائیں پھر 51 اور پھر اصل نمبر ملالیں۔ دوسری طرف سے رسیور اٹھاتے ہی سکے سیٹ کے اندر گرنا شروع ہو جائیں گے۔ کم از کم وقت میں صرف ضروری بات کریں۔

5۔ کارڈ استعمال کر کے فون کرنے کیلئے علیحدہ سیٹ لگے ہوئے ہیں۔

Marfat.com

6- سو ریال جمع کرا کے ٹیلیفون کے دفتر سے کال بک کرائی جا سکتی ہے۔ کال مل جانے کے بعد بقیہ رقم (اگر ہو) تو واپس مل جاتی ہے۔

Marfat.com

# حج سے متعلقہ دفاتر کے
# ٹیلیفون فیکس نمبر اور پتے

## (1) وزارت مذہبی امور، حکومت پاکستان، اسلام آباد

| | فون دفتر | فیکس نمبر |
|---|---|---|
| 1- وفاقی وزیر برائے مذہبی امور | 214856 | 821646 |
| 2- سیکرٹری مذہبی امور | 211981 | |
| 3- جوائنٹ سیکرٹری حج | 811674 | |
| 4- ڈپٹی سیکرٹری بہبود حجاج | 820449 | |
| 5- ڈپٹی سیکرٹری (حج اکاؤنٹس) | 820392 | |
| 6- سیکشن آفیسر (حج پالیسی) | 827519 | |
| 7- سیکشن آفیسر حج (تربیت حجاج) | 828508 | |
| 8- ڈپٹی ڈائریکٹر کمپیوٹر | 820668 | |
| 9- اسسٹنٹ ڈائریکٹر کمپیوٹر | 827134 | |
| 10- اکاؤنٹس آفیسر (1) | 828465 | |
| 11- اکاؤنٹس آفیسر (2) | 828552 | |
| 12- معلومات حج | 825696 | |

Marfat.com

## (2) مدینۃ الحجاج سیکٹر آئی-14 (عقب کوہ نور ملز راولپنڈی) اسلام آباد

| | فون دفتر | فیکس |
|---|---|---|
| 1- ڈائریکٹر حج | 862535 | 862295 |
| 2- ڈپٹی ڈائریکٹر حج | 860405 | |
| 3- اسسٹنٹ ڈائریکٹر حج | 860382 | |
| 4- اکاؤنٹس آفیسر | 860406 | |
| 5- ڈسپنسری | 862516 | |

## (3) بیت الحجاج کراچی' مولوی تمیزالدین خان روڈ' کراچی

| | دفتر فون |
|---|---|
| 1- ڈائریکٹر حج | 5688307 |
| 2- ڈپٹی ڈائریکٹر | 5684669 |
| 3- اسسٹنٹ ڈائریکٹر' جنرل | 5684656 |
| 4- اسسٹنٹ ڈائریکٹر (حج بکنگ) | 5684654 |
| 5- اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر | 5684656 |
| 6- رابطہ آفیسر | 5684550 |

## (4) ڈائریکٹوریٹ جنرل حج' جدہ

| | دفتر | گھر |
|---|---|---|
| 1- ڈائریکٹر جنرل حج | 6670980 | 6712041 |
| | 6692371/39 | 6712042 |
| 2- اسسٹنٹ ڈائریکٹر حج | 6670980 | 6610761 |
| | 6692371/35 | |

Marfat.com

## (5) پی آئی اے، جدہ

| | |
|---|---|
| 1- ہیڈ آفس (باب شریف) | 6447644 |
| 2- بکنگ آفس (کنگ عبدالعزیز سٹریٹ) | 6442277<br>6422642 |
| 3- بکنگ آفس (کارگو) شاہراہ فلسطین | 6729432<br>6714006 |
| 4- کنگ عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئرپورٹ | 6853089<br>6853227 |
| 5- اسٹیشن منیجر (پی آئی اے) | 6853053 |
| 6- پی۔ آئی۔ اے مکہ مکرمہ | 6853054 |

## (6) بینک الجزیرہ، جدہ

| | |
|---|---|
| 1- ہیڈ آفس | 6670230 |
| 2- کنگ عبدالعزیز سٹریٹ | 6471973 |
| 3- مدینہ روڈ برانچ | 6610116<br>661=5059 |

## (7) پاکستان ہاؤس مکہ المکرمہ

| | دفتر | گھر |
|---|---|---|
| 1- ڈائریکٹر حج | 5745216 | |
| 2- میڈیکل آفیسر | 5742634 | 5742634 |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| 3- نگران پاکستان ہاؤس | 5741015 5741015 |
| 4- مؤسسہ جنوبی مشرقی ایشیا | 5363177 |
| | 5342144 |
| 5- بینک الجزیرہ مکہ مکرمہ | 5744242 |
| | 5741649 |
| 6- پولیس مکہ مکرمہ | 5743090 |
| 7- زائر ہسپتال (کنگ عبدالعزیز) | 5442400 |
| 8- اجیاد ہسپتال | 5369065 |
| 9- ولادہ ہسپتال | 5440230 |
| 10- شیشہ ہسپتال (ملک الفیصل) | 5566411 |

## (8) پاکستان ہاؤس مدینہ منورہ

| | |
|---|---|
| 1- ڈپٹی ڈائریکٹر حج | 8250789 |
| | 8250782 |
| 2- میڈیکل آفیسر | 8234884 |
| 3- نگران پاکستان ہاؤس مدینہ منورہ | 8250789 |
| | 8250782 |
| 4- بینک الجزیرہ | 8226154 |

Marfat.com

## ضروری یادداشتیں

آپ اپنی سہولت کیلئے تمام ضروری دستاویزات اور پروگرام سے متعلق کوائف یہاں ضرور درج کرتے رہیں یہ بے حد کار آمد ثابت ہوں گے۔

1۔ آپ کا نام محمد بشیر الدین ولد محمد جمال الدین

شناختی کارڈ نمبر

مکمل پتہ قمر العلوم جامعہ منظمیہ قمر سیالوی روڈ گجرات

فون نمبر ۲۷۲۴۳

2۔ حج درخواست نمبر ۷ - ۱۷۸۱۳۶

کوڈ نمبر

بینک کا نام و پتہ

بینک کی رسید نمبر تاریخ

3۔ حج کمپیوٹر کا اطلاع نامہ تاریخ

4۔ پروگرام روانگی

گھر سے تاریخ روانگی وقت

ریل گاڑی جہاز پرواز نمبر

کراچی سے تاریخ روانگی وقت

ہوائی جہاز کا پرواز نمبر بحری جہاز کا نام

لاہور/پشاور/کوئٹہ اسلام آباد سے تاریخ اور وقت روانگی

ہوائی جہاز کا پرواز نمبر

Marfat.com

5- حج یا سپورٹ نمبر
اجراء کی تاریخ
6- مکتب/ معلم کا نام پتہ

فون نمبر

مکتب نمبر
فون نمبر

7- مدینہ منورہ کے دلیل کا نام
فون نمبر
8- مکہ مکرمہ میں رہائش کا پتہ

فون نمبر

9- مدینہ منورہ میں رہائش کا پتہ

فون نمبر

10- ٹریولرز چیک نمبر اور تفصیل
11- پروگرام مدینہ منورہ
تاریخ
وقت

12- پروگرام واپسی
- مکہ مکرمہ/ مدینہ منورہ سے تاریخ روانگی
وقت

جدہ سے تاریخ روانگی
وقت

ہوائی جہاز پرواز نمبر
بحری جہاز کا نام

Marfat.com

## سعودی عرب میں احباب کے نام اور پتے

فون نمبر

فون نمبر

## ضروری سامان

سفر حج کے دوران اپنے ضروری سامان کی فہرست اور کوائف یہاں درج کر دیں تاکہ گم ہونے کی صورت میں تلاش میں آسانی رہے۔

روانگی کے وقت

واپسی کے وقت

خاص ہدایات

Marfat.com

# پاکستان کے مشہور شہروں کے ٹیلیفون کوڈ نمبر

| شہر | کوڈ نمبر | شہر | کوڈ نمبر |
|---|---|---|---|
| احمد پور ایسٹ | 6980 | چکوال | 0573 |
| اکوڑہ خٹک | 05249 | چمن | 0826 |
| اسلام آباد | 051 | چشتیاں | 0695 |
| اوتھل | 027 | چنیوٹ | 0466 |
| اوکاڑہ | 4420 | فاروق آباد | 04945 |
| ایبٹ آباد | 50921 | جیکب آباد | 0721 |
| اٹک | 0597 | جہلم | 05941 |
| بھکر | 04653 | جھنگ | 047 |
| بھیرا | 04521 | جہانیاں | 0699 |
| بھان سعید آباد | 02289 | جہانگیرہ | 052317 |
| باڑہ | 0521779 | جڑانوالہ | 0468 |
| بٹ خیلہ | 05323 | جوہر آباد | 0454 |
| بدین | 0227 | حافظ آباد | 0438 |
| باجوڑ ایجنسی | 05321 | حضرو | 05978 |
| بنوں | 0528 | حطار | 05967 |
| باغ | 0599 | حیدر آباد | 0221 |
| بیلا | 08288 | حسن ابدال | 05969 |
| بہاولپور | 0621 | حب | 021219 |
| بہاولنگر | 0631 | حویلیاں | 05773 |
| بھٹ شاہ | 02289 | حاصل پور | 0696 |
| بھلوال | 0455 | خاران | 08126 |
| بھریا روڈ | 07095 | خانپور | 0707 |
| بوریوالہ | 0447 | خانیوال | 0692 |

Marfat.com

| شہر | کوڈ نمبر | شہر | کوڈ نمبر |
|---|---|---|---|
| بھائی پھیرو | 04943 | خانقاہ ڈوگراں | 049454 |
| پارہ چنار | 05243 | خیرپور | 0792 |
| پاک پتن | 0443 | خیرپور این۔ ایس۔ | 02299 |
| پتوکی | 04942 | خضدار | 087 |
| پیر جو گوٹ | 07180 | خوشاب | 0454 |
| پشاور | 0521 | دادو | 0929 |
| پبی | 0521778 | دینہ | 059419 |
| پنوں عاقل | 07187 | ڈسکہ | 04341 |
| تاندلیاں والا | 04657 | ڈگر | 053196 |
| تخت بائی | 053192 | دیپالپور | 04441 |
| تربیلہ | 05959 | ڈیرہ اسماعیل خان | 0529 |
| تخت نصرتی | 052893 | ڈیرہ غازی خان | 064 |
| تفتان | 08127 | راولپنڈی | 051 |
| تمبرگرہ | 0535 | راولاکوٹ | 0576 |
| ٹانک | 05245 | ربوہ | 04534 |
| ٹنڈو آدم خان | 02221 | رحیم یار خان | 0731 |
| ٹنڈو اللہ یار خان | 02231 | رتوڈیرو | 043188 |
| ٹنڈو محمد خان | 0224 | راجن پور | 0649 |
| ٹل | 05246 | رشہ کی | 053191 |
| ٹھٹھہ | 029 | رانی پور | 07051 |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | 0462 | رائے ونڈ | 0428592 |
| ٹیکسلا | 0596 | رینالہ خورد | 044179 |
| چارسدہ | 0525 | ژوب | 082 |
| چیچہ وطنی | 0445 | سدہ | 05243 |
| چترال | 053 | ساہیوال | 0441 |
| چک جھمرہ | 05655 | سانگھڑ | 0225 |

Marfat.com

| شہر | کوڈ نمبر | شہر | کوڈ نمبر |
|---|---|---|---|
| سانگلہ ہل | 0467 | گوادر | 0204 |
| سبی | 083 | گھوٹکی | 0703 |
| سخاکوٹ | 05322 | گلگت | 0572 |
| سکھر | 071 | گکھڑ منڈی | 043189 |
| سکرنڈ | 02234 | لالہ موسیٰ | 04348 |
| سرگودھا | 0451 | لاہور | 042 |
| سرائے نورنگ | 052891 | لکی مروت | 052895 |
| سیالکوٹ | 0432 | لاڑکانہ | 0741 |
| سیہون شریف | 02292 | لودھراں | 06517 |
| سہالہ | 0518472 | لورالائی | 0821 |
| سمندری | 05652 | لیاقت پور | 07319 |
| سمبڑیال | 04329 | لنڈی کوتل | 05248 |
| سکردو | 0575 | لیہ | 0694 |
| شکرگڑھ | 04344 | لتمبر | 052892 |
| شاہ پور | 04526 | مانسہرہ | 0598 |
| شکارپور | 0761 | مردان | 0531 |
| شاہ کوٹ | 04658 | شاہداد پور | 02232 |
| شہدادکوٹ | 0708 | شجاع آباد | 06513 |
| کھپرو | 0226 | صادق آباد | 0702 |
| گجرات | 04331 | صنعتی علاقہ شیخوپورہ | 049318 |
| گوجرہ | 04651 | صنعتی علاقہ مردان | 053191 |
| گوجرخان | 0571 | صوابی | 053193 |
| گوجرانوالا | 0431 | عارف والا | 0446 |
| گھمبٹ | 07056 | علی پور چٹھہ | 04346 |
| گومل | 05299 | فتح جنگ | 5977 |
| گومل یونیورسٹی | 05299 | فیصل آباد | 0411 |

Marfat.com

| شہر | کوڈ نمبر | شہر | کوڈ نمبر |
|---|---|---|---|
| قلات | 084 | مورو | 0752 |
| قاضی آباد | 02235 | میر علی | 052892 |
| قصور | 0492 | میلسی | 06515 |
| قلعہ دیدار سنگھ | 043187 | ٹیاری حیدر آباد | 0221277 |
| قلعہ شیخوپورہ | 04931 | میاں والی | 0459 |
| قنبر علی شاہ | 0706 | ننکانہ صاحب | 04941 |
| کاکول | 059218 | نارووال | 04343 |
| کاموںکے | 0435 | نواب شاہ | 024 |
| کاناکاچھا | 0428594 | نوشہرہ | 05231 |
| کراچی | 021 | نوری آباد | 022139 |
| کروڑپکا | 06514 | نوڈیرو | 07417 |
| کرک | 05244 | نوشکی | 0825 |
| کوٹ ادو | 0697 | وہاڑی | 0693 |
| کوٹ نجیب اللہ | 05958 | وزیر آباد | 0437 |
| کمالیہ | 0463 | ہالہ | 0228 |
| کشمور | 07057 | ہارون آباد | 0691 |
| کندکوٹ | 0704 | ہری پور | 0595 |
| منڈی بہاؤالدین | 0456 | کوہاٹ | 0522 |
| منگورہ | 0536 | کوٹلی | 0549 |
| میرن شاہ | 05247 | کوئٹہ | 081 |
| مری | 0593 | کروڑلال عیسن | 06949 |
| ملتان | 061 | کھلابٹ ٹاؤن | 05959 |
| میرپور خاص | 023 | کھوٹہ | 0578 |
| میرپور (اے جے کے) | 054 | کھاریاں | 05771 |
| میاں چنوں | 0448 | ہمک | 0518471 |
| مظفر آباد | 058 | ہنگو | 05242 |
| مظفر گڑھ | 0661 | | |

Marfat.com

# عربی بول چال

سعودی عرب میں قیام کے دوران حجاج کرام کو کچھ نہ کچھ عربی ضرور آنی چاہئے ورنہ بعض اوقات خاصی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مناسب ہو گا کہ کسی ماہر زبان سے عربی سیکھ لی جائے۔ تاہم مندرجہ ذیل روزمرہ کام بول چال کے الفاظ اور فقرے ضرور ذہن نشین کر لینے چاہئیں۔

---

## ضروری الفاظ

### ڈاک و تار

| | | | |
|---|---|---|---|
| ڈاک | بُوسته، بَرِید | خط | کِتَاب |
| ٹیلیفون | تَلِفُون | کاغذ | وَرَق - وَرَق |
| ٹیلیفون نمبر | نمرة تَلِفُون | ڈاک خانہ | مکتب بُوسته |
| تار | بَرقِیه، تِلغرَاف | ہوائی ڈاک | بَرِید الجوی |
| ہوائی جہاز | طَیَّارہ | ڈاک ٹکٹ | طَوَابِع (واحد طابع) |
| لفافہ | ظَرف | ہوائی ڈاک ٹکٹ | طَوَابِع الطَّیَّارہ |

## ضروری فقرے

| | |
|---|---|
| ١- جناب ڈاک خانہ کہاں ہے۔ | یاسیدی این البوسته |
| ٢- میرے پاس ایک خط ہے۔ | عندی واحد کتاب |
| ٣- میں تار دینا چاہتا ہوں۔ | انی ارید ان ارسل البرقیه |
| ٤- پاکستان کے لیے ہوائی ڈاک سے خط پر کیا خرچ ہو گا۔ | کم اجرة الکتاب الی باکستان بالطائرہ |
| ٥- پاکستان ڈاک کب جائے گی۔ | متی تروح البوسته لباکستان |
| ٦- میں ٹیلیفون کرنا چاہتا ہوں۔ | انی ارید ان اتکلم فی التلفون |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۷۔ تار گھر کہاں ہے۔ | فین البرقیه |
| ۸۔ تار کہاں سے دوں۔ | من فین استحب البرقیه |
| ۹۔ ٹکٹ دینے والے کلرک کہاں ہیں۔ | فین مامور الطوابع |
| ۱۰۔ پاکستان کے لیے ٹکٹ دیجیے۔ | ادنی طوابع للباکستان |

## سفر اور ضروریاتِ سفر

| | | | |
|---|---|---|---|
| بستر | فراش | موٹر | سیارہ |
| اسٹیشن | محطه | ہوائی جہاز | طائرہ |
| صندوق | صندوق۔ | مزدور | حمّال |
| کنستر (پیپا) | تنکه | گھر | بیت |
| مزدوری | اجره | پاسپورٹ | جواز |
| موٹروں کا اڈہ | محطه۔ موقف | رسّی | حبل |
| راستہ | شارع | سائیکل | دراجة |
| موٹر کار | اتومبیل۔ سیارہ | ایمبولینس | اسعاف الخیری |
| بس | سیارہ کبیرۃ | ہوائی اڈہ | مطار |
| منی بس | سیارہ صغیرۃ | پرائیویٹ کار | سیارہ خصوصی |
| ڈبہ | دبه | ٹیکسی | اجره |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٹرک | نقل | انتظارگاہ | ایوان توقف |
| دروازہ | باب | قُلی | حمّال |
| ایرلائن | خطُوطُ الجویّہ | ڈرائیور | سوّاق |

## تحفے تحائف

| | | | |
|---|---|---|---|
| انگوٹھی | خاتِم | فوٹو | عکس |
| آبِ زمزم | زَمْزَم | قالین | قَالِیْن |
| رُومال | اِحْرام | مریم پنجہ | کفِ مَرْیَم |
| جائے نماز | مُصَلّٰی | کھجور | تمر (جمع تمار) |
| خاکِ شفا | تُراب المدینہ | تسبیح | سُبحہ |
| غلافِ کعبہ | کسوۃُ الکعبہ | سُرمہ دانی | مِکحلہ |
| سُرمہ | کحل | مہندی | حِنا |
| کاجل | کُحل | قالین | مِفرشہ |
| گھڑی | ساعۃ | بازار | سُوق |

## ضرُوریاتِ زِندگی ـــــ (سبزیاں)

| | | | |
|---|---|---|---|
| بینگن | بَاذنجان | سالن | اِدام |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| پالک | مِسلَك | مرچ | فِلفِل |
| توری | تورُیّه | لہسن | ثُوم |
| اروی | قل کاس | مونگ | گشرِی |
| خُرفہ | رجَه | پودینہ | نعناس |
| بھنڈی | بَامِیه | آلو | بَطاطس |
| میتھی | حَلبَه | | |

## غلّہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| آٹا | دقیق۔ دکیک | دال | عَدَس |
| چاول | رُز | روٹی | خُبز (عیش) |
| چنا | حمص | گیہوں | حَبّ حِنطه |
| پانی | ما۔ مویه | | |

## برتن

| | | | |
|---|---|---|---|
| پیالہ | مَزبدِیّه | رکابی | صِحن |
| کپ | کوب | لوٹا | اِبرِیق |
| پیالی | فِنجان | صُراحی | شُوَیه |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| تھال | تَبْسِیٌ | چائے دانی | بُراد |
| ڈونگا | مِصرَاف | چھری | سِکّین |
| چمچہ | مِلعَقَه | پتیلی | گدَار |
| چاقو | مُوس | مشکہ | زِیر |

## لباس

| | | | |
|---|---|---|---|
| اوورکوٹ | بالطُو | چارپائی | سَرِیر |
| ازاربند | دِکّه | چشمہ | مِنظَرَه |
| پاجامہ | سَروَال | سوئی | مِخیَط |
| چادر | سَروشَف | رسی | حَبل |
| چٹائی | خَصَفَه | رومال | مِندِیل |
| جوتا | کُندُرَه | بنیان | فَنِیلَه |
| دھاگہ | خَیطَه | تولیہ | مِنشَفَه |
| بستر | فَرَاش | سوتلی | دُبَارَه |
| پگڑی | عَمَامَه | قمیص | قَمِیص |
| پنکھا | مِروَحَه | کرتا لمبا | ثوب جلابیه |
| ٹوپی | کُوفِیَه | مچھردانی | نَامُوسِیَه |

Marfat.com

## مصالحے

| | | | |
|---|---|---|---|
| مرچ | فِلفِل | زیرہ | مکون |
| نمک | مِلح | لہسن | ثوم |
| سونٹھ | زنجبیل | الائچی | ھیل |
| دھنیا | کزبرہ | سرکہ | خَل |
| پیاز | بَصَل | اچار | کامِخ |
| ہلدی | ھَرد | لونگ | قرنفل |
| سونف | شمر | | |

## کھانا پینا

| | | | |
|---|---|---|---|
| برف | ثَلج | انڈا | بَیضہ |
| پانی | ماء - مویہ | دہی | لَبَن |
| روٹی | خُبز - عیش | انجیر | تِین |
| کلیجی | کَبَدہ | بغیر دو چھلکے کا چلغوزہ | سُلیمانی |
| پائے | نقادم - نکادم | سیب | تُفاح |
| گھی | سَمَن | شکر | سُکر |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| اخروٹ | جَوْز | کھجور تازہ | رُطَبٌ |
| بہی | سَفَرجَل | آم | اَنْبَہ |
| بادام | نوربجلی | انگور | عِنَب |
| تربُوز | حَبْحَبٌ | انار | رُمّان |
| خربُوزہ | خُرْبُزٌ | ناشپاتی | کمترہ |
| شربت | مَشْرُوْب | ککڑی | قِثّا |
| شہد | عَسَل | مونگ پھلی | لُوزِھندی |
| گوشت | لَحَمٌ | چائے | شاھی |
| کیلا | مَوْز | دُودھ | لَبَنٌ، حَلِیب |
| گنّا | قَصَبٌ | دُودھ والی چائے | شاہی بِالحَلِیب |
| کھجُور | تمر (جمع تمار) | ناریل | نارجیل |

## رنگ

| | | | |
|---|---|---|---|
| سفید | اَبْیَضُ | زرد | اَصْفَرُ |
| کالا | اَسْوَد | سُرخ | اَحْمَرُ |
| گلابی | وَرْدِیٌّ | نیلا | اَزْرَقُ |
| سبز | اَخْضَرُ | | اَزْرَگ |

Marfat.com

# اجنبی سے تعارفی گفتگو

| | |
|---|---|
| ۱۔ السلام علیکم | وَعَلَیْکُمُ السَّلَام |
| ۲۔ خیریت سے ہوں۔ | اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اَنَا بِخَیْرٍ |
| ۳۔ جناب کا مزاج شریف | کَیْفَ حَالُکَ یَا سَیِّدِیْ |
| ۴۔ صبح بخیر | صَبَاحُ الْخَیْرِ |
| ۵۔ شب بخیر | مَسَاءُ الْخَیْرِ |
| ۶۔ چائے پیجیے | اِشْرَبْ شَاھِیْ |
| ۷۔ آپ خیریت سے ہیں | اَنْتُمْ بِالْخَیْرِ |
| ۸۔ نہیں شکریہ | لَا تَشْکُرْ ۔ شُکْرًا |
| ۹۔ آپ کس ملک کے باشندے ہیں | مِنْ اَیْنِ بَلْدَةٍ یَا سَیِّدِیْ |
| ۱۰۔ بیٹھئے آرام کریجیے۔ | اِجْلِسُوْا ۔ اِسْتَرِیْحُوْا |
| ۱۱۔ میں پاکستانی ہوں۔ | مِنَ الْبَاکِسْتَان |
| ۱۲۔ آپ کا نام کیا ہے۔ | اَخِیْ اِسْمُكَ اَیْ دِیَا |
| ۱۳۔ بھائی آپ کا نام کیا ہے | مَا اسْمُكَ یَا اَخِیْ |
| ۱۴۔ آپ کیا کرتے ہیں | مَنْ اَنْتَ یَا سَیِّدِیْ |
| ۱۵۔ میں سوداگر ہوں۔ | اِنِّیْ تَاجِرٌ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۱۶۔ جناب میرا نام محمود ہے۔ | سَيِّدِي اِسْمِي مَحْمُوْد |
| ۱۷۔ میں راستہ بھول گیا ہوں۔ | اِنِّي نَسِيْتُ الطَّرِيْق |
| ۱۸۔ میرا معلم احمد ہے۔ | مُعَلِّمِي اَحْمَدُ |
| ۱۹۔ محلہ شامیہ کہاں ہے | اَيْنَ الْمَحَلَّةُ الشَّامِيَه |
| ۲۰۔ حجام کہاں ہے | اَيْنَ الْحَلَّاق |
| ۲۱۔ چائے کی دکان کہاں ہے | اَيْنَ الْمَقْهُوَة (یا) اَيْنَ الْقَهْوَه |
| ۲۲۔ کیا آپ سمجھ گئے۔ | اَفَهِمْتَ (یا) هَلْ اَنْتَ فَهِمْتَ |
| ۲۳۔ مجھے راستہ بتا دیجئے۔ | اِهْدِنِي الطَّرِيْق |
| ۲۴۔ میں نہیں جانتا۔ | اِنِّي لَا اَعْرِفُ |
| ۲۵۔ میرا منیٰ جانے کا ارادہ ہے | اَنَا اَقْصُدُ الْمِنٰى |
| ۲۶۔ میرے ساتھ چلو۔ | اِمْشِي سَوَاسِوَا |
| ۲۷۔ میں کل سفر کروں گا۔ | اَنَا بُكْرَةً اُسَافِرُ |
| ۲۸۔ بہت اچھا جناب | مَرْحَبًا سَيِّدِي (یا) طَيِّب سَيِّدِي |
| ۲۹۔ تمہارا معلم کون ہے | مَنْ مُعَلِّمُكَ (یا) مَنْ مُطَوِّفُكَ |
| ۳۰۔ آپ کا شکریہ | تَشَكُّرًا |

Marfat.com

# سڑکوں کے بورڈ اور فاصلے

| | |
|---|---|
| خبردار! دائیں طرف موڑ ہے | اِحْتَرِسْ مُنْحَنِیْ یَمِیْن |
| وہ ایک ریال مانگتا ہے | هُوَ یُرِیْدُ وَاحِدْ رِیَال |
| خبردار | اِحْتَرِس |
| خطرہ کی جگہ | خطر |
| دایاں موڑ | مُنْحَنِیْ یمین |
| بایاں موڑ | مُنْحَنِیْ شمال |
| داخلہ بند | ممنوع الدخول |
| ٹھہرنا منع | ممنوع الوقوف |
| پولیس | عَرِیف |
| اسے آٹھ قرش دے دو | اَدِّ ثَمَانِیَةَ قُرُش |
| کوئی حرج نہیں | مَا عَلَیْهِ |
| یہاں سے کب چلو گے | مَتٰی تَمْشِی مِنْ هُنَا |
| اس جگہ کا کیا نام ہے | اَیْش اِسْم هٰذَا الْمَحَل |
| میں کل سفر کروں گا | اَنَا بُکْرَة اُسَافِرُ |
| خبردار! بائیں طرف موڑ ہے | اِحْتَرِسْ مُنْحَنِیْ خَطَر |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| خبردار! موٹر خطرناک ہے | اِحْتَرِسْ مُنْحَنِیْ خَطَر |
| یہاں موٹر نہ ٹھہرائیں | مَمْنُوْعُ الْوُقُوْفِ لِلسَّیَّارَۃْ |
| یہاں ہارن بجانا منع ہے | مَمْنُوْعُ الْمُنَبِّہْ |

## موٹر والے سے گفتگو

| | |
|---|---|
| اے ڈرائیور | یَا سَوَّاق |
| مدینہ منورہ کا کیا کرایہ ہے | کَمْ کِرَا السَّیَّارَۃِ لِلْمَدِیْنَۃِ الْمُنَوَّرَۃْ |
| آپ کتنے آدمی ہیں؟ | اَنْتُمْ کَمْ نَفَرٌ |
| ہم چھ افراد ہیں | نَحْنُ سِتَّۃَ نَفَر |
| سامان کہاں ہے | فَیْنَ عَفْشُکُمْ |
| میں پچیس روپے لوں گا۔ | اٰخُذُ خَمْسَ وَعِشْرِیْنَ رِیَال |
| بہت اچھا | طَیِّبٌ |
| ہمارا سامان اُتار دو۔ | نَزِّلْ عَفْشَنَا |
| میری مزدوری دے دو۔ | اَعْطِنِی الْاُجْرَۃَ |
| تم کیا لوگے | اَیْشْ تَاْخُذُ |
| اچھا میں دوں گا۔ | طَیِّبْ اَعْطِیْکَ |
| آؤ بیٹھ جاؤ۔ | تَعَالْ اِجْلِسْ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| یہاں اُتر جاؤ | ھٰھُنَا انْزِلْ |
| مجھ سے رعایت کیجئے | تَرَاعِيْنِيْ |
| یہ بکرا کتنے کا ہے؟ | ھٰذَا التَّيْسُ بِكَمْ |
| اس دُنبے کی قیمت کیا ہے؟ | ھٰذَا الظَّبْيُ بِكَمْ (یا) مَا ثَمَنُ لِھٰذَا الظَّبْيِ |
| کیا تمہارے پاس سُرمہ ہے؟ | ھَلْ عِنْدَكَ كُحْلُ الحجر |
| برتنوں کا بازار کہاں ہے؟ | فَيْنَ سُوْقُ الظُّرُوْف |

## دوکاندار سے گفتگو

| | |
|---|---|
| یہ کیا ہے؟ | مَا ھٰذَا |
| اس کی قیمت کیا ہے؟ | مَا الثَّمَنُ لِھٰذَا (یا) ھٰذَا بِكَمْ |
| ایک قیمت بتلائیے۔ | قُلْ وَاحِدْ كَلَامْ |
| کیا اس سے بہتر بھی ہے؟ | ھَلْ عِنْدَكَ خَيْرٌ الِھٰذَا |
| کوئی اور دکھائیے۔ | جِبْ لِيْ شَيْءٌ غَيْرُ ھٰذَا |
| یہ مہنگی ہے | ثَمَنُ ھٰذَا زِيَاد |
| کیا اس سے اچھی بھی ہے؟ | ھَلْ خَيْرٌ لِھٰذَا |
| کتاب کہاں سے ملے گی؟ | اَلْكِتَابُ فَيْنَ تُبَاع |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اس کی قیمت دس ریال ہے | ثَمَنُہٗ عَشَرَ رِیَال |
| کچھ کم نہ کرو گے۔ | مَا تَنْقُصْ شَیْئًا |
| آخری قیمت کیا ہو گی؟ | آخِر مَا یَکُوْنُ بِکَمْ آخِر قَوْل |
| مجھے ریزگاری دیجئے۔ | اَعْطِنِیْ تَفَارِیْق |
| یہ آخری قیمت ہے۔ | ھٰذَا آخِر کَلَام (یا) وَاحِدْ کَلَام (یا) اَللّٰہُ وَکِیْل |

# ضروری افعال

## حروفِ ابجد کی ترتیب کے ساتھ

| | | | |
|---|---|---|---|
| آیئے | تَعَالَ۔ جِئْ | چاہتا ہوں | اُرِیْدُ، اَبْغِیْ |
| آؤں گا | اَجِیْئُ | پی لو | اِشْرَبْ |
| آمد و رفت | اِیَاب وَذِہَاب | پلاؤ | اَسْقِیْ |
| اُتار | نَزِّلْ | اٹھاؤ | شِیْل |
| باندھو | اِرْبِطْ | ٹھہرو | اِصْبِرْ |
| پکاؤ | اُخْبُزْ۔ اُطْبُخْ | تشریف رکھیے | تَفَضَّلْ |
| جلاؤ | وَلِّعْ | جاؤ | اِذْہَبْ |
| چلیے | اِمْشِ، تَعَال | زیادہ دو | زِدْ |
| چھوڑ دو | اُتْرُکْ | سفر کروں گا | اُسَافِرُ |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| سوتا ہوں | اَنَامُ | سوار کرو | رَکِبْ |
| کھولو | اِفْتَحْ | کھاؤ | کُلُوْا |
| جاؤں گا | اَرُوْحُ | کم کرو | اُنْقُصْ |
| خریدوں گا | اِشْتَرِیْ | کاٹو | اِقْطَعْ |
| دیکھو | اُنْظُرْ - شُفْ | کھلاؤ | تَاکُلْ |
| مجھے دے دو | اَعْطِنِیْ | لے لو | خُذُوْا |
| دھو | غَسِّلْ | ہٹاؤ | اَصْرِفْ |
| روشنی کرو | نَوِّرْ | میں | اَقُوْلُ |
| پہنچوں گا | اَصِلُ | کہتا ہوں | لَكَ |

## علاج معالجہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہسپتال | المستشفیٰ۔ الصحہ | مردانہ | رجال |
| ایمبولینس | اِسعاف الخیری | زنانہ | حریم |
| انجکشن | حَقَنْ | بیت الخلاء | مراحیض |
| مرہم پٹی | ضِماد | فارمیسی | الصیدلیہ |

Marfat.com

## نوٹ: اسے صفحہ نمبر 8 ساتویں سطر کے ساتھ ملا کر پڑھیں

مکہ مکرمہ پہنچنے کے بعد آپ اپنے گروپ لیڈر کے ہمراہ معلم کے ڈیرے پر اتریں گے۔ یہاں سے معلم کے نمائندے یا وزارت مذہبی امور کے کارندے/خدام الحجاج آپ کو پہلے سے الاٹ شدہ عمارت میں لے جائیں گے۔ مدینہ منورہ میں جب بس عنبریہ کے موقف (بس اڈہ) پر پہنچتی ہے تو وہاں سے موئسسہ کے کارندے ضروری کارروائی کے بعد حجاج کرام کی بسوں کو ان کی رہائش گاہ تک پہنچا دیتے ہیں۔ یہاں خدام الحجاج اور وزارت مذہبی امور کا موسمی عملہ حجاج کرام کو کمروں کی الاٹمنٹ کرتا ہے۔

ایسے حجاج کرام جنہوں نے سپانسر شپ سکیم کے تحت رہائش کا انتظام خود کیا ہوتا ہے انہیں چاہئے کہ وہ اپنے گروپ کے افراد کو ایک جگہ بیٹھا کر رہائش کیلئے جائیں اور ان کے ساتھی ان کی واپسی تک اسی جگہ بیٹھے رہیں۔ اگر ان میں سے کوئی اِدھر اُدھر ہو گیا تو گروپ لیڈر اور گروپ کے افراد کو سخت ذہنی کوفت ہو گی۔ کیونکہ ان کے پاس نہ تو مکان کا پتہ ہو گا اور نہ ہی وہ راستہ جانتے ہوں گے۔ رہائش کے حصول کے بعد عمارت کا نمبر، محل وقوع، شارع اور پورا پتہ اپنے پاس رکھیں تاکہ گم ہونے کی صورت میں آپ اس پتہ پر پہنچ سکیں۔ پتہ نہ ہونے کی صورت میں بعض اوقات گروپ کے افراد کئی کئی دن آپس میں نہیں مل سکتے۔ ان کے پاس نہ کوئی کپڑا ہوتا ہے نہ کھانے پینے کے لئے پیسے ایسی صورت میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور عبادت میں بھی خلل پڑتا ہے۔

PCPPI—2867(93) R. Aff—5-1-94—65000.

Marfat.com

وزارتِ مذہبی امور

# تلبیہ

لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ ط لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ
لَکَ لَبَّیْکَ ط اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ
لَکَ وَالْمُلْکَ ط لَا شَرِیْکَ لَکَ ؕ

"میں حاضر ہوں، یا اللہ میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں
تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں، بیشک تمام تعریفیں
اور نعمتیں تیرے لئے ہیں اور ملک بھی، تیرا کوئی شریک نہیں"

PCP
پرنٹنگ کارپوریشن آف پاکستان پریس ، اسلام آباد

Marfat.com